★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

جلد نمبر 16 | جمعۃ المبارک 21 ذوالقعدہ 1447، 8 مئی 2026ء، 27 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 146

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

امریکہ ایران میں معاہدہ جلد متوقع پاکستان کوئی چوری نہیں کر سکتا

دفتر خارجہ

آج معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہے، پانچ مئی کو نائب وزیراعظم نے معرکہ حق پر سفارتی کور کو بریف کیا' ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا کیا تبادلہ ہوا ہے، اس پر گفتگو نہیں کروں گا

انٹرنیشنل کمیونٹی کو جنوبی ایشیاء میں امن اور سلامتی پر تشویش ہے، پاکستان کا ایک قطرہ پانی کوئی چوری نہیں کر سکتا، سندھ طاس معاہدہ سے متعلق تمام آپشنز زیر غور ہیں

اسلام آباد چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں تمام صوبائی اور آزاد جموں وکشمیر ہائیکورٹس کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (نیٹ نیوز) پاکستان کی وزارت خارجہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ امریکہ اور ایران میں جلد معاہدے کی توقع ہے، پاکستان کا ایک قطرہ پانی بھی کوئی چوری نہیں کر سکتا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کہا گیا ہے کہ آج معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہے، پانچ مئی کو نائب وزیراعظم نے معرکہ حق پر سفارتی کور کو بریف کیا۔ طاہر حسین اندرابی کے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا کیا تبادلہ ہوا (بقیہ نمبر 1)

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے لبنان پر حملے، مزید 13 افراد شہید

حملہ ایپ (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کے باوجود لبنان پر حملے جاری ہیں جس میں مزید 13 افراد شہید ہو گئے۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے معاہدے کے بعد بدھ کو حیفا، بالبہ اور لبنان کے دارالحکومت (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور چین کا جدید جے-35 اے ای اسٹیلتھ طیارہ ملنے کا امکان

تھنڈر جزیئن طیارہ ملنے سے پاکستان کا دفاع مضبوط ہوگا، ساتھ ساتھ جائنا مرننگ پوسٹ کی رپورٹ

طیارے کی شمولیت قومی دفاع عنکم بنا کر پاک چین دوستی و شراکت کی تاریخ میں نمایاب رقم کرے گی

ایسٹیانومنہ تیار ہو چکا جس پر چینی فضائیہ کے بجائے سرکاری ادارے، ایوی ایشن انڈسٹری کارپوریشن آف چین کا لوگو نصب ہے، یہی آئی (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم محمد شہباز شریف وزیراعظم ریجیپ طیب ایکیم کے تحت گلگت بلتستان کے مستحقین میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

وزیراعظم کا بلتستان میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

دانش سکول قائم کرنے کا اعلان

وزیراعظم کا زاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت تمام صوبوں اور علاقوں کو یکساں ترقی کیلئے ساتھ لے کر چلنے کی اہمیت پر زور، پسماندہ علاقوں میں بھی اپنی سن کے معیار کی تعلیمی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جہاں ہونہار بچے مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں،

پاکستان کے خوبصورت ترین خطے کا دورہ کر کے اٹھا گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سمسی توانائی کا منصوبہ آئندہ سال مکمل ہو جائیگا، میرٹ پر لیپ ٹاپس کی فراہمی سے نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوں گے: میاں شہباز شریف

گلگت (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت تمام صوبوں اور علاقوں کو یکساں ترقی کیلئے ساتھ لے کر چلنے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پسماندہ علاقوں میں بھی اپنی سن کے معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں (بقیہ نمبر 5)

وفاقی وزیر ریلوے سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری موغادم ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ایران جوہری پروگرام جاری رکھنے پر آمادہ ہو گیا، صدر ٹرمپ کا دعویٰ

ایران اب شدت سے ڈیل چاہتا ہے، یہ بہت آسان ہے، بس ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار نہ ہوں، ایران کی فضائیہ اور نیوی کو تباہ کر دیا ہے

ایران کے میزائل اور ریڈار ختم کر دیئے ہیں، ایران کے رہنما مارے جا چکے، ہم جیت چکے ہیں، ہم ایران سے وہ حاصل کریں گے جو چاہیے

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران جوہری پروگرام جاری نہ رکھنے سمیت کئی معاملات پر آمادہ ہو چکا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اوول آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران اب شدت سے ڈیل چاہتا ہے، یہ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک "کلین اینڈ گرین" کے تحت شجرکاری مہم میں شریک ہیں

ایرانی عازمین کا پہلا قافلہ مکہ مکرمہ پہنچ گیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) ایرانی عازمین حج کا پہلا قافلہ مکہ مکرمہ پہنچ گیا۔ گزشتہ (بقیہ نمبر 12)

بھارتی ریاست مغربی بنگال میں پرتشدد مظاہرے، 3 افراد ہلاک

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی ریاست مغربی بنگال میں انتخابات کے بعد پھوٹنے والے تشدد میں 3 کم سن افراد ہلاک (بقیہ نمبر 13)

معرکہ حق میں ہمیں نکر بھٹنڈ اتاک دشمن کو دلت آمیز سبق سکھایا، پاک فضائیہ

فضائیہ، الیکٹرانک اور سائبر وار فیئر میں دشمن کو دھول چٹائی، فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست دینے میں اہم کردار ادا کیا، ایئر چیف

پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت نے پاکستان پر بے بنیاد الزام لگایا، پاکستان نے بھارت کو غیر جانبدار تحقیقات کی پیشکش کی

اسلام آباد (این این آئی) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاک فضائیہ نے دشمن کو سری نگر سے بھگنے پر سبق سکھایا۔ بابر سدھو نے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت نے پاکستان پر بے بنیاد الزام لگایا، پاکستان نے بھارت کو غیر (بقیہ نمبر 4)

محاصرہ توڑنے کی کوشش کرنے والے ایرانی بحری آئل ٹینکر پر امریکی فوج کی فائرنگ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ ایک امریکی لڑاکا طیارے نے (بقیہ نمبر 7)

سپریم کورٹ، ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی درخواستوں پر سماعت 12 مئی کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی درخواستوں پر سماعت 12 مئی کو ہوگی۔ سپریم کورٹ کا 3 رکنی (بقیہ نمبر 8)

آئندہ بجٹ میں مقامی گاڑیوں کے خام مال پر ٹیکسز میں کمی پر غور

یکم جولائی سے نئے بجٹ اور نئی آٹو پالیسی میں مقامی آٹو انڈسٹری کے فروغ کیلئے تجاویز پیش، ذرائع

سی کے ڈی پارٹس پر مجوزہ رعایتی کسٹمز ڈیوٹی 30 جون 2028 تک نافذ رکھنے کی تجویز پیش

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئندہ بجٹ میں مقامی طور پر تیار ہونے والی گاڑیوں کے خام مال پر ٹیکسز میں کمی پر غور شروع کر دیا، مقامی طور پر تیار گاڑیوں کیلئے کیپٹل ایوار (بقیہ نمبر 6)

اسرائیلی فوجی کی تصویر پر تنازع، سوشل میڈیا پر غصے کی لہر

تصویر میں فوجی نے سگریٹ کو حضرت مریم کے مجسمے کے منہ میں رکھا ہوا ہے، رپورٹ

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان کے گاؤں میں ایک اسرائیلی فوجی کی ایسی تصویر نے شدید غصے کی لہر پیدا کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تصویر کو دیکھ کر لبنان کے (بقیہ نمبر 9)

جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، جج سپریم کورٹ آف پاکستان ترکی میں جوڈیشل ڈسپوٹ ریزولوشن سیمینار میں شرکت کر رہے ہیں

عدت میں نکاح کیس میں خاور مانیکا پر تشدد، ملزم کے عدم پیشی پر عدالت برہم

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں عدت میں نکاح کیس کی سماعت کے دوران خاور (بقیہ نمبر 20)

سعودی عرب کا فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے 20 لاکھ ڈالر کا عطیہ

مملکت برادر فلسطینی عوام کی مدد اور یو این آر ڈبلیو اے کے بجٹ کی معاونت کا پختہ عزم رکھتی ہے، بیان

فراہم کر دیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سعودی عرب نے فلسطینی پناہ (بقیہ نمبر 2 1)

معرکہ حق نے قوم کو اعتماد قوت دی دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، افواج پاکستان

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عالمی امن کے فروغ کیلئے خلصانہ کاوشیں انہیں عالمی عسکری قیادت میں ممتاز بناتی ہیں، جبکہ بین الاقوامی جریدے نے امریکہ ایران مذاکرات میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے بطور ثالث کردار کو انتہائی اہم اور کلیدی قرار دے دیا

تحریر 2025ء پاک بھارت جنگ میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایک فاتح اور پہلا فوجی راہنما کے طور پر ابھرے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بااثر شخصیت ہیں اور امریکہ ایران بیزار ممالک کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ معروف جریدہ ایل پائس کے مطابق

راولپنڈی (نیوز ایجنسی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتوں اور کامیاب ملٹری ڈپلومیسی کی دنیا معترف ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عالمی امن کے فروغ کیلئے خلصانہ کاوشیں انہیں عالمی عسکری قیادت میں ممتاز بناتی ہیں، جبکہ بین الاقوامی جریدے نے امریکہ ایران مذاکرات میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے بطور ثالث کردار کو انتہائی اہم اور کلیدی قرار دے دیا۔ بین الاقوامی جریدے نے امریکہ ایران مذاکرات میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے بطور ثالث کردار کو انتہائی اہم قرار دے دیا۔ معروف جریدہ ایل پائس کے مطابق 2025ء پاک بھارت جنگ میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایک فاتح اور پہلا فوجی راہنما کے طور پر ابھرے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بااثر شخصیت (بقیہ نمبر 1 5)

ایران کو یورینیم کے بدلے معاشی ریلیف دینے کی پیشکش ناکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جریدے وائرڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کے قریبی حلقوں نے ایران کے ساتھ ایک ایسے معاہدے پر کام کیا جس کے تحت تہران اپنے افزودہ یورینیم سے دستبردار ہوتا جبکہ بدلے میں (بقیہ نمبر 18)

آبنائے ہرمز نہ کھلی تو ایران پر پابندیاں برقرار رہیں گی، فرانس

ایران اپنے جوہری پروگرام پر نرمی کے بدلے پابندیوں میں کمی کا مطالبہ کر رہا ہے، وزیر خارجہ

پیرس (این این آئی) امریکی ثبت اشاروں کے باوجود جو ایران کے ساتھ معاہدے کے قریب ہونے کی طرف اشارہ کرتے ہیں، فرانس کے وزیر خارجہ ژاں نوئل بارو نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 17)

لاہور: سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب طاہر رضا ہمدانی اور مراسم میں وزیراعلیٰ پنجاب کے خصوصی ایشیئیٹو پروگرام کے تحت جاری تربیتی ورکشاپ کے منصوبے پر پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دفاع ہماری طاقت اور وقار ہماری پہچان ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

آپریشن 'بنیان مرصوص' اور 'معرکہ حق' ایمان، اتحاد اور قومی وقار کی عملی تصویر تھا، گفتگو

معرکہ حق میں پاکستان نے ثابت کیا کہ امن ہماری ترجیح ضرور ہے، فیصل ممتاز راٹھور

مظفر آباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے کہا ہے کہ آپریشن 'بنیان (بقیہ نمبر 19)

معرکہ حق بنیان مرصوص فتح کا ایک عظیم الشان باب ہے: جے یو آئی (س)

دشمن پاردکے پاکستانی مسلح افواج ہر قسم کے داخلی وخارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

معرکہ حق بنیان مرصوص فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور ریاست پاکستان کی حکمت عملی کا مظہر تھی

لاہور (ریڈ این این) جمعیت علما اسلام (س) کے امیر و سرکری سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ معرکہ حق بنیان مرصوص فتح کا ایک عظیم الشان باب ہے، دشمن پار دکے پاکستانی مسلح افواج ہر قسم کے داخلی وخارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی (بقیہ نمبر 23)

معرکہ حق میں کامیابی کا انحصار تمام متعلقہ فریقین کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور تعاون پر ہوتا ہے

حق، عسکری اور برقی تعاون نے پاکستان کو جعلی خبروں کا موثر مقابلہ کرنے میں مدد دی، وزیر مواصلات

کشیدہ صورتحال میں کامیابی کا انحصار تمام متعلقہ فریقین کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور تعاون پر ہوتا ہے

ہمارے پاس معلومات کا انتہائی موثر اور منظم نظام موجود تھا اور ہم درست معلومات بروقت میڈیا تک پہنچا رہے تھے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ہمارے پاس معلومات کا انتہائی موثر اور منظم نظام موجود تھا اور ہم درست معلومات بروقت میڈیا تک پہنچا رہے تھے، عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہے، پانچ مئی کو نائب وزیراعظم نے معرکہ حق پر سفارتی کور کو بریف کیا' ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا کیا تبادلہ ہوا ہے، اس پر گفتگو نہیں کروں گا۔ انٹرنیشنل کمیونٹی کو جنوبی ایشیاء میں امن اور سلامتی پر تشویش ہے، پاکستان کا ایک قطرہ پانی کوئی چوری نہیں کر سکتا، سندھ طاس معاہدہ سے متعلق تمام آپشنز زیر غور ہیں (بقیہ نمبر 1)

آبنائے ہرمز کی مکمل بحالی کیلئے امریکہ کو پابندیاں ختم کرنا ہوں گی، ایرانی صدر

ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے درمیان ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی

ایران نے امریکہ کے ساتھ 2 مرتبہ مذاکرات کیے مگر امریکہ نے مذاکرات کے دوران پیٹھ میں چھرا گھونپا۔ ایرانی صدر

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کی مکمل بحالی کے لیے امریکہ کو پابندیاں ختم کرنا ہوں گی۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے درمیان ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی جس میں ایرانی صدر نے کہا کہ ایران نے امریکہ کے ساتھ 2 مرتبہ مذاکرات کیے مگر امریکہ نے مذاکرات کے دوران پیٹھ میں چھرا گھونپا۔ ان کا کہنا تھا کہ واشنگٹن نے سفارت کاری کے راستے کو دھمکیوں، دباؤ اور پابندیوں کی طرف موڑ دیا ہے، ہر بار بات چیت کے ساتھ ساتھ ایران پر فوجی کارروائیاں بھی ہوئیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ مذاکرات کے لیے جگہ کا خاتمہ اور مستقبل میں جارحیت نہ ہونے کی ضمانت ضروری ہے، امریکی بحری ناکہ بندی نے خطے کے استحکام کو متاثر کیا، آبنا (بقیہ نمبر 24)

ترکیہ نے خطرناک سمندری ڈرون طوفان دنیا کے سامنے پیش کر دیا

جدید ڈرون اسٹیول میں جاری دفاعی نمائش کے دوران پیش کیا گیا، غیر ملکی میڈیا

سمندر میں موجود اہداف، ساحلی تنصیبات اور اہم فوجی اثاثوں کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

انقرہ (این این آئی) ترک دفاعی کمپنی سلیمان نے جدید سمندری ڈرونز متعارف کرا دیے ہیں، جن میں طوفان نامی جدید ان میڈ سرفیس وہیکل خاص توجہ کا مرکز بن گیا۔ یہ جدید ڈرون اسٹیول میں جاری دفاعی نمائش کے دوران پیش کیا گیا۔ کمپنی کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

معرکہ حق کا ایک برس: مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کا جوش وخروش دیدنی، پاکستان کے حق میں ویڈیوز، پوسٹروں نے دھوم مچا دی

سرکی غمر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں (بقیہ نمبر 25)

وفاقی وزیر برائے توانائی و ریگولیٹری امور خواجہ آصف اور گنڈاپور کی کامیابی کے ایک سال کی مناسبت سے پاکستان کیڈٹ

پراونشل موٹر وہیکل آرڈیننس 2025ء مسترد، نیا قانون نافذ

نئے قانون میں ٹریفک خلاف ورزیوں پر عائد بھاری جرمانوں میں واضح کمی، بیشتر جرائم میں قید کی سزا مکمل طور پر ختم

پبلک سروس گاڑیوں میں گنجائش سے زائد مسافر بٹھانے پر پہلے 6 ہزار روپے جرمانہ تھا، سرکاری ذرائع

لاہور (نیوز ایجنسی) حکومت پنجاب نے ٹریفک قوانین سے متعلق بڑا فیصلہ کرتے ہوئے صوبائی موٹر وہیکل بل 2026ء نافذ کر دیا، جس کے بعد متعدد ٹریفک خلاف ورزیوں پر عائد سخت سزاؤں میں نمایاں نرمی کر دی گئی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے دستخط کے بعد نیا قانون نافذ العمل ہو گیا جبکہ پراونشل موٹر وہیکل آرڈیننس 2025ء مسترد کر دیا گیا۔ نئے قانون کے تحت مختلف ٹریفک خلاف ورزیوں پر عائد بھاری جرمانوں میں واضح کمی کی گئی (بقیہ نمبر 27)

پرائیویٹ سکولوں کیلئے پنجاب سیفٹی ایپ رجسٹریشن لازمی قرار

لاہور میں 6 ہزار پرائیویٹ سکولوں میں سے صرف 600 اداروں کی پنجاب سیفٹی ایپ میں رجسٹریشن مکمل

رجسٹریشن کے حصول کیلئے بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ، ہائی جینک سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہوگا، حکام کی تصدیق

لاہور (ریڈ این این) لاہور میں محکمہ تعلیم پنجاب کے زیر اہتمام پرائیویٹ سکولوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایس ای اے ایجوکیشن لاہور طارق محمود نے کی۔ اجلاس میں پرائیویٹ سکولوں کیلئے پنجاب سیفٹی ایپ میں رجسٹریشن لازمی قرار دے دی گئی۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ رجسٹریشن کے حصول کیلئے بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ اور ہائی جینک سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہوگا، جبکہ تمام نجی تعلیمی اداروں کو فوری طور پر سی ای او ڈی سی کیمرے نصب (بقیہ نمبر 28)

جموں، کشمیری پنڈتوں کا "این ایف سی" میں انضمام کے خلاف احتجاج

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کشمیری (بقیہ نمبر 33)

مشیر وزیراعظم زاہد مغل پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کا کامیاب دورہ مکمل

کر کے برطانیہ واپس روانہ

لندن (این این آئی) مشیر وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر تنمد امتیاز و مرکزی (بقیہ نمبر 32)

آزاد کشمیر حکومت نے 7 ماہ کے مختصر عرصے کی حکومت میں تاریخ ساز کام کیے ہیں، وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور

مظفر آباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 31)

ڈی جی خان: سکول چھت گرنے، طلبہ جاں بحق، وزیراعلیٰ کا نوٹس

لاہور (نیوز این این) مریم نواز نے ڈیرہ غازی خان میں سکول کی چھت گرنے سے طلبہ کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر گہرا (بقیہ نمبر 14)

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی وزیر خزانہ کو بجٹ تجاویز پیش

لاہور (ریڈ این این) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کر کے آئندہ مالی سال کیلئے بجٹ تجاویز پیش (بقیہ نمبر 16)

وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس قانون کا سیکشن 7 ای کالعدم قرار دے دیا

عدالت نے سیکشن 7 ای کی بحالی کے لیے دائر ایف بی آر کی اپیلیں بھی خارج کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس قانون کا سیکشن 7E کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے سیکشن 7E کی بحالی کیلئے دائر ایف بی آر کی اپیلیں بھی (بقیہ نمبر 10)

ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کی تیاری کی رپورٹ مسترد، ایران کا ردعمل

تہران (نیوز ایجنسی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کی تیاری کی رپورٹ کو مسترد کر دیا۔

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

سابقہ ڈی جی نیپا لاہور ڈاکٹر سیمی وحید کی قیادت میں یو ایم ٹی کے بی ایس پبلک ایڈمنسٹریشن کے طلباء کے وفد کا ڈی جی لوکل گورنمنٹ پنجاب آفس کا دورہ

لاہور (علی نجاز سے) سابقہ ڈی جی نیپا لاہور ڈاکٹر سیمی وحید کی قیادت میں یو ایم ٹی کے بی ایس پبلک ایڈمنسٹریشن کے طلباء کے وفد کا ڈی جی لوکل گورنمنٹ پنجاب آفس کا دورہ ڈی

ساتھ تفصیلی بات چیت کی اس موقع پر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ لاہور ڈویژن ڈاکٹر فاروق احمد کھارا نے طلباء کو لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی خاص طور پر صوبے بھر میں نچلی سطح پر یونین

جی لوکل گورنمنٹ پنجاب سیشن فاطمہ ساجی نے طلباء کے وفد کو پرتپاک استقبال کیا اور ان کے کنسلٹو کے ڈھانچے اور ذمہ داریوں اور کام باے میں آگاہ کیا۔

صدر لاہور چیمبر نے وفاقی وزیر خزانہ کا بجٹ تجاویز پیش کر دیں

وفاقی وزیر خزانہ نے لاہور چیمبر کی جانب سے پیش کی گئی جامع تجاویز کو سراہا



لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر چیمبر الرحمن بھٹی نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کی اور آئندہ مالی سال کے لیے لاہور چیمبر کی بجٹ تجاویز پیش کیں۔ ان تجاویز میں صنعتوں کی بحالی، برآمدات میں اضافہ، ٹیکس اصلاحات اور کاروبار کی لاگت کم کرنے پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے لاہور چیمبر کی جانب سے پیش کی گئی جامع تجاویز کو کھلا کہا کہ کاروباری برادری کے مسائل اجاگر کرنے میں لاہور چیمبر اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل ٹیکس پالیسی ایڈمنسٹریشن ڈاکٹر خیبر حسین کو ہدایت کی کہ لاہور چیمبر کی تجاویز کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے بتایا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں 3 ڈیجیٹل ٹیکسیشن سسٹمز کو پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (PRAL) کے ذریعے مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان اصلاحات کا مقصد انسانی مداخلت کم کرنا، ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا اور ملک میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانا ہے۔ صدر اورنگزیب نے مزید کہا کہ چیمبر نے آڈٹ کا سرکلر اور کاروباری برادری سے مشاورت کے بعد جاری کیا جائے گا تاکہ صنعتی پالیسی سازی میں تمام متعلقہ فریقوں کی مؤثر شمولیت یقینی بنائی جا سکے۔ صدر لاہور چیمبر نجم الرحمن سیگل نے وزیر خزانہ کی جانب سے تاجر برادری کے ساتھ رابطے اور اہم معاشی و پالیسی معاملات پر اعتماد میں لینے کے عمل کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مسلسل مشاورت کاروباری اعتماد کی بحالی، صنعتی ترقی اور پائیدار معاشی استحکام کے لیے ضروری ہے۔ لاہور چیمبر کی بجٹ تجاویز میں کہا گیا کہ بار بار اس آرڈر کے اجرا اور عمل درآمد میں کمی کی متعلقہ تشریحات سے پالیسیوں میں عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے، جو صنعتوں کی بقا اور ان کی اسٹریٹیجک منصوبہ بندی کو متاثر کر رہا ہے۔ چیمبر نے مطالبہ کیا کہ کاروبار کرنے کی لاگت کم کی جائے جو اس وقت خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں 22 سے 30 فیصد زیادہ ہے۔ چیمبر نے متعلقہ صنعتوں کے لیے علیحدہ ٹیرف اسٹرکچر متعارف کرانے کی تجویز بھی پیش کی تاکہ مقامی صنعتوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ برآمد کنندگان کے لیے سادہ اور قابل پیش گوئی فائنل ٹیکس رجیم (FTR) بحال کرنے اور تاجروں کے لیے ٹیکس سسٹم متعارف کرانے کا مطالبہ بھی کیا گیا جو ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جا سکے۔ دیگر تجاویز میں ٹیکس ریفنڈز کی بروقت ادائیگی اور تاجروں کے صوبے میں معاونت، مینوفیکچررز اور کنسٹرکشن انڈسٹری کے ورکرز کی سماجی تحفظ فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ریٹائرمنٹ فنڈ کی تشکیل، ورکرز کی صحت کے لیے ہیلتھ انشورنس اسکیم کی توسیع اور ٹیکس نظام پر اعتماد کرنے اور ٹیکس وصولی کو سزا کے بجائے تعاون پر مبنی بنانے کی تجویز بھی دی۔ اس کے علاوہ چیمبر نے فائلرز اور پائنا سمیت تمام علاقوں میں یکساں ٹیرف اور ٹیکس نظام نافذ کرنے، ایڈوانس ٹیکس کو ریفنڈ کی صورت میں ایڈجسٹ کرنے اور ٹیکس وصولی کو سزا کے بجائے تعاون پر مبنی بنانے کی تجاویز بھی دی ہیں۔ ان کے علاوہ ایکسپورٹ سٹیبلیشمنٹ اسکیم (EFS) کی مؤثر نگرانی کے لیے ریئل ٹائم ڈیٹا شیئرنگ اور پورٹ کلیئرنس آڈٹ کا مطالبہ کیا گیا۔

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر بلدیات کی زیر صدارت پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی کا اجلاس

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد، سپیشل سیکرٹری ارشد بیگ، ایڈیشنل سیکرٹری قراۃ العین اور اتھارٹی کے دیگر ارکان کی اجلاس میں شرکت کی

(پی ایس پی اے) کے دوسرے اجلاس میں اراضی کے استعمال کی مانیٹرنگ کا عمل بتدریج مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر منتقل کرنے کا فیصلہ

سپیشل پلاننگ اتھارٹی کیلئے اضلاع میں اضافی سٹاف بھرتی کرنے کی ضرورت نہیں۔۔ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پنجاب سپیشل پلاننگ اتھارٹی (پی ایس پی اے) کے دوسرے اجلاس میں اراضی کے استعمال کی مانیٹرنگ کا عمل بتدریج مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد، سپیشل سیکرٹری ارشد بیگ، ایڈیشنل سیکرٹری قراۃ العین اور اتھارٹی کے دیگر ارکان نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایس پی اے عبداللہ نیئر نے اتھارٹی کے معاملات پر پریزنٹیشن دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ورلڈ بینک مرکم نواز ٹرانسفرمیشن کے ویژن کے مطابق اتھارٹی کو مکمل طور ڈیجیٹائز بنایا جائے گا۔ پی ایس پی اے کے پلاننگ سپورٹ سسٹم (پی ایس ایس)، پنجاب حکومت کے ای پروپوزل کے ساتھ منسلک ہے۔ اب رہائشی سکیموں کی منظوری کے لئے آن لائن اپلائی کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے آئی ٹی ماہرین کے لئے پی ایس ایس کی ساری خدمات بھی ڈیجیٹل ہیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ سپیشل پلاننگ اتھارٹی کیلئے اضلاع میں اضافی سٹاف بھرتی کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ اتھارٹی کی پالیسیوں کا نفاذ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل محکمے کے ذریعے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایس کے ذریعے ضلعہ وزرٹی کی نشاندہی کی جائے گی۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ہر ضلع کے ڈی سی اور ڈی پی او کو اس کا ذمہ دار بنایا جائے گا۔ پی ایس ایس کے کوئل طور پر ڈیجیٹائز بنایا جائے گا۔ پی ایس ایس کے ساتھ ایک ایپ بھی تیار ہو چکا ہے۔ اتھارٹی کی منظوری کے بغیر اراضی کے کرشل استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز صوبے میں نئے معیارات کا عمل نافذ چاہتی ہیں۔ اسی لئے وزیر اعلیٰ بلدیات نے کہا کہ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (پی ایم یو) نے صرف دو سال میں پنجاب کے تمام شہروں کی ماسٹر پلاننگ مکمل کی۔ الحمدللہ آج پنجاب کے شہروں کا مستند ڈیٹا بیس تیار ہو چکا ہے۔ اتھارٹی کی منظوری کے بغیر اراضی کے کرشل استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز صوبے میں نئے معیارات کا عمل نافذ چاہتی ہیں۔ اسی لئے وزیر اعلیٰ بلدیات نے گرین ارباز کی حفاظت کیلئے پی ایس پی اے تھلیل دی۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ پی ایس پی اے ایک کے تحت اتھارٹی کا باقاعدہ انتظامی تشکیل دیا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایت بھی کی کہ اتھارٹی کے معاملات میں شفافیت یقینی بنائی جائے۔

بجٹ سے قبل تمباکو انڈسٹری وفد کی حکومتی وزراء سے ملاقات پر سول سوسائٹی میں تشویش

لاہور (خبر نگار) صحت عامہ کے شعبے میں کام کرنے والی سول سوسائٹی تنظیموں اور تمباکو کنٹرول کے ماہرین نے بجٹ سے قبل تمباکو انڈسٹری کے وفد کی حکومتی وزراء سے ملاقاتوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سول سوسائٹی کے مطابق یہ ملاقاتیں ایسے وقت میں ہو رہی ہیں جب پاکستان کو تمباکو کی وجہ سے بڑھتے ہوئے صحت، معاشی اور سماجی بحران کا سامنا ہے۔ کولیشن فار ٹوبیکو کنٹرول پاکستان کے آرگنائزر ڈیشنٹ دانش اور سابقہ جلی ڈائریکٹر پروگرام حرگٹ ڈیپلمنٹ فاؤنڈیشن کا کہنا ہے کہ تمباکو انڈسٹری میں بھی پالیسی سازی کے عمل پر اثر انداز ہونے، ٹیکس اصلاحات کو کمزور کرنے اور صحت عامہ کے اقدامات میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرتی رہی ہے۔ بجٹ سے قبل ایسی ملاقاتیں شفافیت اور عوامی مفاد کے حوالے سے کئی سوالات کو جنم دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، عالمی ادارہ صحت کے فریم ورک کنونشن آن ٹوبیکو کنٹرول (WHO FCTC) کا دستخط کنندہ ملک ہے، جس کے آرٹیکل 3.5 کے تحت حکومتیں اس بات کی پابند ہیں کہ صحت عامہ کی پالیسیوں کو تمباکو انڈسٹری کے اثر و رسوخ سے محفوظ رکھا جائے۔ کولیشن فار ٹوبیکو کنٹرول پاکستان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجٹ سازی کے عمل میں مکمل شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ تمباکو انڈسٹری کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ صحت عامہ کو ترجیح دیتے ہوئے تمباکو مصنوعات پر سٹرکچرل ٹیکس اضافہ کیا جائے، نوجوانوں اور کم آمدن طبقات کو تمباکو کے نقصانات سے بچانے کے لیے متعدد پالیسی اقدامات کیے جائیں۔ تمباکو انڈسٹری اور اس کے فرنٹ گروپس کی مداخلت کی نگرانی کے لیے مؤثر میکنزم متعین کیا جائے۔ سول سوسائٹی تنظیموں نے واضح کیا کہ تمباکو کمپنیوں نہ صرف تمباکو کنٹرول میں کی کاوٹ ذریعہ ہے بلکہ یہ قومی معیشت اور صحت کے نظام پر بوجھ کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ عالمی شواہد کے مطابق تمباکو مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ خصوصاً نوجوانوں میں استعمال کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ پاکستان کی سول سوسائٹی اور صحت کے نمائندگان حکومت پر زور دیتے ہیں کہ قومی مفاد، عوامی صحت اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو ترجیح دیتے ہوئے تمباکو انڈسٹری کے دباؤ سے بالاتر ہو کر فیصلے کیے جائیں۔

عظیم معرکہ حق تقریبات 8، 9 اور 10 مئی۔ ہر پاکستانی پرجوش۔ لاہور میں انتظامات عروج پر

لاہور میں جمعہ 8 مئی لبرٹی میں معرکہ حق گرینڈ تقریب ہوگی۔ کمشنر لاہور مریم خان ضلعی انتظامیہ کے تحت کمیٹی فیلڈ میں موجود۔ تمام انتظامات کو بہترین انداز میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ کمشنر لاہور

شہریوں کا معرکہ حق (بنیان المرصوص) گرینڈ تقریب لبرٹی چوک گلبرگ میں داخلہ اوپن ہوگا۔ کمشنر لاہور

لاہور سمیت تمام اضلاع میں معرکہ حق تقریبات کو شایان شان انداز میں منایا جا رہا ہے۔ کمشنر لاہور مریم خان

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے کہا ہے کہ معرکہ حق تقریبات کے حوالے سے لاہور شہری انتظامیہ کی جانب سے تیاریاں عروج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں جمعہ 8 مئی لبرٹی چوک گلبرگ میں معرکہ حق گرینڈ تقریب ہوگی اور تین دن 8۔ 9 اور 10 مئی کو پورے لاہور میں معرکہ حق ریلیاں، واکس اور تقریبات منعقد ہوں گی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ شہریوں کا معرکہ حق (بنیان المرصوص) زیر صدارت عظیم معرکہ حق تقریبات انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور کی تمام مارکیٹ ایسوسی ایشنز نے شرکت کی۔ کمشنر لاہور مریم خان نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق سے پاکستان کا معزز دنیا میں مقام بڑھا۔ معرکہ حق ہمارا فخر ہے۔ معرکہ حق ہماری درخشاں تاریخ کے سنہرے معرکوں میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمیت تمام اضلاع میں معرکہ حق تقریبات کو شایان شان انداز میں منایا جا رہا ہے۔ کمشنر لاہور مریم خان کی زیر صدارت عظیم معرکہ حق تقریبات انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور کی تمام مارکیٹ ایسوسی ایشنز نے شرکت کی۔ کمشنر لاہور مریم خان نے کہا کہ پاکستان کا معزز دنیا میں مقام بڑھا ہے۔ معرکہ حق ہمارا فخر ہے۔ معرکہ حق ہماری درخشاں تاریخ کے سنہرے معرکوں میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انتظامات کو بہترین انداز میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ معرکہ حق تقریب کیلئے بہترین ٹریک اور پارکنگ انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ سیکیورٹی، صفائی، روڈ ڈائیورژن، میڈیکل انتظامات کو بہترین سٹیمنٹ کے ساتھ ترتیب دیا جائیگا۔ لاہور ضلعی انتظامیہ کے تحت کمیٹی فیلڈ میں موجود ہے۔ تمام انتظامات کو بہترین انداز میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ معرکہ حق تقریب کیلئے بہترین ٹریک اور پارکنگ انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ سیکیورٹی، صفائی، روڈ ڈائیورژن، میڈیکل انتظامات کو بہترین سٹیمنٹ کے ساتھ ترتیب دیا جائیگا۔ لاہور

ایم این اے 120۔ پی پی 154 میں ترقیاتی کاموں کے دوران افتتاحی تقریب میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق۔ ایم این اے ملک غلام حبیب اعوان۔ چودھری صابر علی نمبردار منصوبوں میں ہونے والے کاموں جائزہ لینے کے لئے تقریب کا انعقاد کیا گیا

لاہور (اسلم ابراہیم) این اے 120۔ پی پی 154 میں ترقیاتی کاموں کے دوران افتتاحی تقریب میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق۔ ایم این اے ملک غلام حبیب اعوان۔ چودھری صابر علی نمبردار منصوبوں میں ہونے والے کاموں جائزہ لینے کے لئے تقریب کا انعقاد کیا گیا منہالہ کلاں۔ نتھوکی۔ نزور۔ واگھہ۔ لکھن شریف۔ کھرک چیٹر۔ کوریا۔ برکی۔ پذانہ۔ پلیارہ گاؤں میں ترقیاتی کاموں کا شکریہ ادا کرنے والے میں ملک حیدر علی پولا۔ چودھری وارث نمبردار۔ آس محمد نمبردار۔ باؤ نمبردار۔ عباس جٹ۔ جمیل ملک۔ محمد نعیم شہزاد۔ چودھری شہاب الدین۔ چودھری شکیل میر۔ رانا عابد۔ عمران اعوان۔ لیاقت چیمپئن۔ چودھری اعجاز جٹ۔ ماسٹر شفیق اعوان۔ ماسٹر طارق انصاری۔ چودھری سعید جٹ۔ ناصر جٹ۔ نعیم رمضان۔ جاوید اعوان۔ میاں اشرف جمیل بھٹی نے ایم این اے 120۔ پی پی 154 میں پی سی ای اور سورج ڈوانے پر علاقہ بھر کے معززین نے شکریہ ادا کیا

کبھی غور کیا ہے یہاں مسئلہ صرف حکومت یا پالیسی کا نہیں: محبوب الٰہی

کراچی (بیورو چیف الطاف حسین) کبھی غور کیا ہے یہاں مسئلہ صرف حکومت یا پالیسی کا نہیں اصل مسئلہ یہ ہے کہ جب تک مارا جاتا ہے تو آواز دب جاتی ہے۔ پاکستان انٹیلیکچوئل ایکٹرز کے وہ پنٹیرز جو ساری زندگی ادارے کو دیتے رہے آج خود حق کو کھڑے ہیں وہ دیوا ایں جن کے شوہر نے اس ادارے کے لیے اپنی زندگیاں گزار دی آج ایک فحش ناکافی پنشن پر گزارہ کر رہی ہیں اور پھر وہ میڈیکل سہولتوں کا نام کوئی ہے جسے ایسٹ لائف انشورنس کارپوریشن اف پاکستان کے ایسے چیپٹر ظلام کے حوالے کر دیا گیا ہے جہاں بارآدی علاج سے پہلے فائلوں میں الجھ جاتا ہے اب آتے ہیں اصل ظلم گروپ لائف انشورنس پروگرام کے بعد جو ایک ریٹائرڈ آدمی اسے اس کی آخری امید بھی چھین لیتی تو پھر آپ اس سے جینے کا حق بھی چھین رہے ہیں سوال سیدھا ہے کیا حکومت کیا متعلقہ ادارے کیا وہ اس رقم کو امانت سمجھتے ہیں یا آسان فنڈ سمجھ کہیں بھی استعمال کر لیا جائے گروپ لائف انشورنس کی رقم فوری ادا ہونی چاہیے کیمل منافع کے ساتھ کیونکہ یہ قانون بھی ہے اور انصاف بھی اور یہ ریٹائرڈ ہے یہ مسئلہ فنڈز کا نہیں تھیرکا ہے

دیوالیہ پن ہے آپ ایک ریٹائرڈ آدمی اسے اس کی آخری امید بھی چھین لیتی تو پھر آپ اس سے جینے کا حق بھی چھین رہے ہیں سوال سیدھا ہے کیا حکومت کیا متعلقہ ادارے کیا وہ اس رقم کو امانت سمجھتے ہیں یا آسان فنڈ سمجھ کہیں بھی استعمال کر لیا جائے گروپ لائف انشورنس کی رقم فوری ادا ہونی چاہیے کیمل منافع کے ساتھ کیونکہ یہ قانون بھی ہے اور انصاف بھی اور یہ ریٹائرڈ ہے یہ مسئلہ فنڈز کا نہیں تھیرکا ہے

سٹریٹ کرائمز سمیت شہر سے تمام جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ سٹریٹ کرائم سمیت شہر سے تمام جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ وارداتوں کی روک تھام کے لیے انٹیلی جنس نیٹ ورک مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔ سی سی ٹی وی اور کنٹرول روم سے اہم مقامات کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ مارکیٹوں اور رہائشی علاقوں میں مشکوک افراد پر بھی کڑی نظر ہے۔ فیصل کامران نے بتایا کہ رواں سال کے پہلے 4 ماہ کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے گرفتار ملزمان نے مبینہ طور پر 1227 مقدمات درج کیے جبکہ 556 گینگ ممبران گرفتار کر کے بعد از تفتیش جیل بھیجے جا چکے ہیں۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے بتایا کہ ملزمان کے قبضہ سے 20 کروڑ 62 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ جس ڈویژن 132 گینگز کی گرفتاری میں سرفہرست رہا۔ ماڈل ٹاؤن ڈویژن نے 107، کینٹ 95 اور صدر ڈویژن نے 93 گینگ گرفتار کیے۔ اسی طرح اقبال ٹاؤن ڈویژن نے 82 جبکہ سول لائنز ڈویژن نے 47 گینگز کو گرفتار کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے مختلف وارداتوں کے 2525 مقدمات ٹریس کئے جا رہے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کو بھی اس مہم میں شریک کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کو اپنے اردگرد مشکوک سرگرمی کی اطلاع 15 پر دیں۔

چین شہریوں کے علاقے ہوا چیانگ سے بی کے ایک شاہراہ پر شہری سمارٹ ڈرون کے انتہائی بلکے ای ویہل کی آزمائشی پرواز کا مظاہرہ دیکھ رہے ہیں۔ (شہوا)

ڈی آئی جی احمد جمال الرحمن پیٹرن انچیف پاکستان پولیس جوشوٹیم ہکمانڈنٹ پولیس ٹریننگ سینٹر چوہنگ کل بعمر 50 سال لاہور میں انتقال کر گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی احمد جمال الرحمن پیٹرن انچیف پاکستان پولیس جوشوٹیم، کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ سینٹر چوہنگ کل بعمر 50 سال لاہور میں انتقال کر گئے پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم کے سابق پریس سیکرٹری پیشہ ور آرگنائزر کیپل جاوید بٹ اور پاکستان پولیس ہیٹ لفٹنگ ٹیم کے

ایم این اے مرزا پرویز انصر مغل نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1269 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایم این اے مرزا پرویز انصر مغل نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1269 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کیا جن میں 647 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طبی پرورش کی سہولت دی گئی۔ ہسپتالوں میں مختلف ایمرجنسی کیسز کے لیے 814 معمول زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے حوالے کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 1122 سوالیوں کو موقع پر ہی ریلیف دیا گیا۔ 814 معمول زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے حوالے کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 1122 سوالیوں کو موقع پر ہی ریلیف دیا گیا۔ ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 4 2 8 زائیڈ، 9 5 7 عمر والے، 454 مرد اور 176 پیول بلیٹ والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 223 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصل ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 2 6 5 2 حادثات کے ساتھ پہلے، ملتان 84 حادثات میں 96 حادثات کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 67 حادثات میں 70 حادثات کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ رواں ٹریفک حادثات کے کل 4 7 2 1 حادثات میں 1 8 0 1 مرد اور 292 خواتین شامل ہیں

ڈی سی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے حکم پر گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی آ گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ڈی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے حکم پر گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی آ گئی، رواں سال مجموعی طور پر 01 ہزار 823 گداگروں کے خلاف کارروائی کی گئی، عادی اور جعلی معذوری کا بہانہ بنا کر بھیک مانگنے پر 506 مقدمات درج کروائے گئے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق 755 خواتین، 592 مردوں، 155 بچوں اور تین سو سے زائد خواجہ سراؤں کو گسٹنر سے ہٹایا گیا، ٹریفک پولیس نے 1713 ہیکاروں کو ایدھی ہومز جبکہ 22 بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے کیا۔ سی ڈی او سید عبدالرحیم شیرازی نے ڈی ٹی او لاہور اور سرکل افسران کو اپنی نگرانی میں کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ شہر کی مصروف اور اہم شاہراہوں کو گداگروں سے صاف کیا جائے، آپ کی محنت کی کمائی دھوکہ بازوں کیلئے نہیں، گداگروں کی سرگرمیوں سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر بلکہ حادثات کا اندیشہ بھی رہتا ہے، ٹریفک سگنلز کو گداگری جیسی لعنت سے پاک کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حوصلہ شکنی سے نہ صرف معاشرے میں بہتری بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی، غریب ہو تو جرم نہیں مگر اپنے آپ کو دوسرں کیلئے محتاج بنانا اخلاقاً جرم ہے، عادی گداگر ہمدردی کے لیے جعلی معذوری کا سہارا لیتے ہیں، شہری ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی میں ٹریفک پولیس کا ساتھ دیں۔

ایم این ایس مرزا پرویز انصر مغل نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1269 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایم این ایس مرزا پرویز انصر مغل نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1269 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کیا جن میں 647 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طبی پرورش کی سہولت دی گئی۔ ہسپتالوں میں مختلف ایمرجنسی کیسز کے لیے 814 معمول زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے حوالے کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 1122 سوالیوں کو موقع پر ہی ریلیف دیا گیا۔ ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 4 2 8 زائیڈ، 9 5 7 عمر والے، 454 مرد اور 176 پیول بلیٹ والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 223 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصل ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 2 6 5 2 حادثات کے ساتھ پہلے، ملتان 84 حادثات میں 96 حادثات کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 67 حادثات میں 70 حادثات کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ رواں ٹریفک حادثات کے کل 4 7 2 1 حادثات میں 1 8 0 1 مرد اور 292 خواتین شامل ہیں

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق گڑھی شاہو میں خالد سے 3 لاکھ 80 ہزار روپے اور موبائل فون، داتا دربار میں عدیم سے 3 لاکھ 55 ہزار روپے اور موبائل فون مالکا سنڈی میں عبدالشکور سے 3 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، ٹیکنری ایریا میں احسن سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون۔ گارڈن ٹاؤن میں اُصف سے 2 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ اولاب ٹاؤن اور شادمان سے گاڑیاں بجنہ مصری شاہ گلبرگ اور ہاٹا پور سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

بھاٹی گیٹ پولیس نے دو رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) بھاٹی گیٹ پولیس نے دو رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق بھاٹی گیٹ ٹیکنیکل گروہ کے ملزمان تنویر اور بلال کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ 9 موٹر سائیکل 16 جیسیز، انجن، نائٹ سلنسر سمیت دیگر پارٹس اسلحہ اور موبائل برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔ ایس ایچ او عاصف امیر کا کہنا ہے ملزمان موٹر سائیکلیں چوری کر کے موٹر پارٹس کو لوہے کے گوداموں میں پرچنگ کرتے تھے کرنے کے عمل کرتے تھے۔

برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں چائنیز سٹوری تصویری نمائش کی افتتاحی تقریب میں ایک شخص تصویر دیکھ رہا ہے۔ (شہوا)

گمشدگی کا نوٹس

سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پالیسی بنام فردوس پالیسی نمبر 180240816554 کہیں گم ہو گئی ہے اگر ایک ماہ کے اندر کوئی اعتراض موصول نہ ہوا تو مستثنیٰ پالیسی جاری کر دی جائے گی۔

منجانب: بیکا رانشورنس ڈیپس روڈ، لاہور

لاہور: بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام صدر عرفان حیات باجوہ آل پنجاب بار ایسوسی ایشنز وکلاء کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں (فوٹو ظہیر احمد)

گورنمنٹ ٹریننگ کالج فار دی ٹیچرز آف بلائینڈ، 31 شیر شاہ بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور

سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب

ٹوئن: عارضی (ڈیلی ویج) بھرتی برائے گرلز ہاسٹل گرلز (میل / ٹی میل) گورنمنٹ ٹریننگ کالج فار دی ٹیچرز آف بلائینڈ لاہور

سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیرے انتظام گورنمنٹ ٹریننگ کالج فار دی ٹیچرز آف بلائینڈ 31 شیر شاہ بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور میں مندرجہ ذیل اسامی کے لیے ڈیلی ویج کی بنیاد پر بھرتی کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست کے ساتھ شناختی کارڈ، ڈومیسائل اور تعلیمی کاغذات کی مصدقہ نقول جمع کروانے کی آخری تاریخ 2026-05-18 ہے۔ اسامی کے لیے بھرتی کی اہلیت مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	تعداد آسامی	آسامی	تعلیمی اہلیت / عمری حد / تجربہ
1	1	ہاسٹل گارڈ	تعلیمی اہلیت: مڈل عمر 25-60 سال کسی متعلقہ ادارے سے کم از کم ایک سالہ تجربہ

ب

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 08 مئی 2026ء

معرکہ حق پوری قوم کے لیے فخر ہے: سائرہ افضل تارڑ

فواج پاکستان نے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، جرات، بہادری سے دشمن بھارت کے حملے کو ناکام بنا تے ہوئے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ کی کوارڈینیٹر ایم این اے سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ ملک بھر کی طرح حافظ آباد میں بھی معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ضلع بھر میں ریلیوں اور دیگر تقریبات کا سلسلہ جاری ہے۔ معرکہ حق پوری قوم کے لیے فخر اور عظیم کامیابی ہے۔ افواج پاکستان نے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، جرات، بہادری سے دشمن بھارت کے حملے کو ناکام بناتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ اس دفاعی کامیابی پر پوری قوم کو اپنی مسلح افواج پر فخر ہے اور آج دنیا بھر میں فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت اور جرات مندانہ فیصلوں پر خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول میں معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری محمد انور جاوید سمیت محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ اور طالبات تقریب میں شریک تھیں۔ ایم این اے اور ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ معرکہ حق کے سلسلہ میں 9 اور 10 مئی کو بھرپور طریقے سے تقریبات کا انعقاد کیا جائیگا اور حافظ آباد کی عوام ثابت کر ینگے کہ ہم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور بھارت سمیت کسی بھی دشمن کو یہ جرات نہیں ہونی چاہیے کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے بھی دیکھ سکے۔ انکا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی بہترین حکمت عملی، جرات و بہادری کی آج امریکہ سمیت دنیا تعریف کر رہی ہے۔ معرکہ حق کی کامیابی اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں تمام سرکاری اداروں میں تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تمام تعلیمی اداروں، ہسپتالوں، مارکیٹوں، بازاروں، بس اڈوں اور سرکاری و نجی گاڑیوں پر معرکہ حق اور افواج پاکستان کے یکجہتی کے سلسلہ میں فلیکسیز آویزاں کیے گئے ہیں۔ تقریب میں سکول کی طالبات نے معرکہ حق کی کامیابی اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ملی نغمے، تھیمز اور دیگر پروگرام بھی پیش کیے۔

ہمارے شہر کے ہسپتال دن بدن آباد ہوتے جا رہے ہیں: راجہ ریاض احمد

ہر سال اس کو کسی نہ کسی نجی ادارے کو کرائے پر دے کر لاکھوں روپے وصول کیے جاتے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ممبر مرکزی و صوبائی کونسل پاکستان مسلم لیگ ن راجہ ریاض احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے شہر کے ہسپتال دن بدن آباد ہوتے جا رہے ہیں اور کھیل کے میدان ویران اور ختم ہو گئے ہیں باخبر ذرائع کے مطابق گورنمنٹ اسلامیہ پوسٹ گریجویٹ کالج کا ایک گراؤنڈ جو کہ جھمرہ روڈ پر واقع ہے عرصہ دراز سے غیر آباد چلا آ رہا ہے اور ہر سال اس کو کسی نہ کسی نجی ادارے کو کرائے پر دے کر لاکھوں روپے وصول کیے جاتے ہیں جس کا حساب کتاب نہ ہے گراؤنڈ میں جگہ جگہ پر کھڈے اور جوہڑ بن گئے ہیں اور راہگیروں کو مٹی کی دھول اڑنے کی وجہ سے مختلف قسم کی بیماریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے گراؤنڈ کے اردگرد نجی ہسپتال بھی موجود ہیں جہاں پر مریضوں کو اس تعفن زدہ ماحول کا سامنا کرنا پڑتا ہے یاد رہے کہ وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے اس کی چار دیواری کے لئے دس لاکھ کی گرانٹ کا اعلان کیا تھا جس کا تاحال کوئی علم نہیں ہے جھمرہ روڈ پر ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اور دیگر سرکاری اداروں کے دفاتر و رہائش گاہیں تعمیر ہو رہی ہیں لیکن یہ سڑک اتنی کشادہ نہیں ہے کہ ان بلڈنگز میں آنے جانے والوں کو پارکنگ و دیگر سہولیات میسر ہو سکیں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز شریف، چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان سے مطالبہ کیا ہے کہ کالج گراؤنڈ کی تعمیر کے لئے اور سڑک کی کشادگی کے احکامات کے ساتھ ساتھ فنڈز جاری کیے جائیں

بین الاقوامی کلائنٹس سے منسلک کال سینٹرز کو اوقات بندش کی پابندی سے مستثنیٰ قرار دے دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے اسپورٹس مراکز، جمز، آئی ٹی اداروں اور بین الاقوامی کلائنٹس سے منسلک کال سینٹرز کو اوقات بندش کی پابندی سے مستثنیٰ قرار دے دیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مذکورہ ادارے اب رات آٹھ بجے بندش کے پابند نہیں ہوں گے بلکہ اپنی پیشہ ورانہ ضرورت کے مطابق خدمات جاری رکھ سکیں گے۔ حکومت پنجاب کا کہنا ہے کہ اس فیصلے کا مقصد آئی ٹی صنعت، فری لانسنگ اور عالمی تجارتی روابط کو فروغ دینا ہے تاکہ بین الاقوامی اوقات کار سے ہم آہنگ خدمات ممکن بنائی جا سکیں۔ حکام کے مطابق اس اقدام سے نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے دروا ہوں گے

طاہر مجید کپور سول ڈیفنس کی جان ہیں۔ ایگزیکٹوز/ والنٹیرز تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ

چیف سول ڈیفنس نے تنظیم کی رہنمائی و مالی معاونت کیساتھ ہمیشہ حوصلہ افزائی کی۔ والنٹیرز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) قدرتی آفات سیلابی صورتحال کو محرم الحرام ڈیوٹی یا رمضان المبارک مساجد ٹریفک وارڈن ڈیوٹی یا پھر سال بھر میں مختلف مواقع پر سی ڈی او آفس کیجانب سے دی گئیں ڈیوٹیز چیف سول ڈیفنس ریجنل فورس سیالکوٹ جناب طاہر مجید کپور کی قیادت میں ایگزیکٹوز سمیت والنٹیرز نے ہمیشہ انتظامیہ کیجانب سے جاری ڈیوٹی رسپنز کے مطابق موسمی تغیرات و شدت کے باوجود جانفشانی کیساتھ ان یونیفارم ڈیوٹی سرانجام دی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈپٹی چیف سول ڈیفنس سمیت ایگزیکٹوز نے ہنگامی میٹنگ کے بعد جاری پریس ریلیز میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دو تین آؤٹ سائیڈرز وغیر فعال شہر پسند عناصر کیجانب سے سول ڈیفنس سیالکوٹ کیخلاف چھوٹے پراپیگنڈہ کو تنظیم شہری دفاع کیمسز متردد کرتے ہوئے چیف سول ڈیفنس کی قیادت پر بھرپور اظہار اعتماد کرتے ہوئے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اپنے شہریوں کی حفاظت کیلئے سول ڈیفنس والنٹیرز ہمیشہ مستعدی کیساتھ ڈیوٹیز کرتی رہی ہے اور انشاء اللہ جناب طاہر مجید کپور کی قیادت میں آئندہ بھی منظم ڈیوٹیز سرانجام دینگے۔

آپریشن معرکہ حق (آپریشن بنیان مرصوص) سے قومی وقار میں اضافہ ہوا۔ اظہر حمید بھٹی

بہادر مسلح افواج پاکستان کے سپہ سالار فیلڈ مارشل عاصم منیر عظیم جرنیل ہیں۔ ابوبکر اظہر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بہادر افواج پاکستان نے ازلی دشمن بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کے جواب میں اسے گھر میں گھس کر دن کے اجالے میں وہ دندان شکن جواب دیا جس پر دنیا بھر کی طاقتیں انگشت بدنداں نظر آئیں۔ فتح عظیم کو ایک سال مکمل ہونے پر اسے جشن اور قومی وقار کے دن کے طور پر منانے کا فیصلہ بہترین فیصلہ اور قوم کے جربنکہ ترجمانی ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی اور یوتھ لیڈر بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی آف سانزلے انٹیگریٹڈ لمیٹیڈ نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسلح افواج پاکستان کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ ملکی سرحدوں کی حفاظت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت ملک اور امن کا علمبردار ہے لیکن کسی بھی ملک کو اپنی سرحدوں پر حملہ آور ہونے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

تھیلیسیمیا سے بچاؤ کے لیے شادی سے قبل سکریننگ ٹیسٹ لازمی قرار دینے کی اپیل

میاں چنوں (کھیل رپورٹر) صدر اے بی ڈی ایس رانا عظیم اکرم نے کہا ہے کہ تھیلیسیمیا سے بچاؤ کے لیے شادی سے قبل سکریننگ ٹیسٹ کا لازمی طور پر کروایا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق رانا عظیم اکرم نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 8 مئی کو دنیا بھر میں ورلڈ تھیلیسیمیا ڈے منایا جاتا ہے، جس کا مقصد عوام میں اس بیماری سے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں تھیلیسیمیا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان شادی سے پہلے اپنا تھیلیسیمیا سکریننگ ٹیسٹ لازمی کروائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے بی ڈی ایس ٹیم پورے پاکستان میں "تھیلیسیمیا فری پاکستان" کے مشن پر کام کر رہی ہے اور اس مقصد کے لیے مسلسل آگاہی مہمات چلائی جا رہی ہیں۔ رانا عظیم اکرم نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مشن میں اے بی ڈی ایس کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ پاکستان کو تھیلیسیمیا سے پاک ملک بنانے میں مؤثر کردار ادا کیا جا سکے۔

جہلم جی ٹی روڈ، جادہ اور ہیڈ برج کے فٹ پاتھ کی خستہ حالی اور غیر فعال اسٹریٹ لائٹس متعلقہ زمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جی ٹی روڈ، جادہ اور ہیڈ برج کے فٹ پاتھ کی خستہ حالی اور غیر فعال اسٹریٹ لائٹس متعلقہ زمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ جادہ اور ہیڈ برج کا فٹ پاتھ طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور پل پر بھی کڑھے بن گئے ہیں جبکہ پل پر نصب اسٹریٹ لائٹس غیر فعال ہیں جسکی وجہ سے شام ہوتے ہی مجاہدہ پل پر گھپ اندھیرا چھا جاتا ہے جسکی وجہ سے مجاہدہ آباد پل سے پیدل گزرنے والے مقامی افراد، خواتین، معمر شہریوں اور بچوں کے سروں پر خوف کے سائے منڈلاتے رہتے ہیں جب کہ پل پر موجود فٹ پاتھ سیلب بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جس کی وجہ سے پیدل چلنے والے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے این ایچ اے کے ارباب اختیار سے نوٹس لینے اور سٹریٹ لائٹس کو فعال بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کو پل سے گزرنے میں پیش آنے والی مشکلات میں کمی واقع ہو سکے،

کرپشن اور بدعنوانی کا خاتمہ ترجیح ہے: کمشنر ساہیوال

اجلاس میں آر پی او محمد ایاز سلیم، ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ اداروں سے کرپشن اور بدعنوانی کا خاتمہ حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے واضح ہدایات ہیں کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں منعقدہ ڈویژنل کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں آر پی او محمد ایاز سلیم، ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی، ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا، ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے نیشنل ایکشن پلان سمیت حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات، اداروں کے باہمی روابط، غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف کاروائیوں، مدارس کی رجسٹریشن، پیرا فورس اور میپکو، بیسکو کی کارکردگی، نان ٹیکس پیڈ سگریٹس کی فروخت کے خلاف کاروائیوں، لاء اینڈ آرڈر اور بیوٹیفکیشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ صوبے بھر میں جاری ترقیاتی کاموں پر بھی حکومت پنجاب کا فوکس ہے

ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ساہیوال ڈویژن محمد عقیل اشفاق کی ریٹائرمنٹ کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب ساہیوال آرٹس کونسل میں منعقد ہوئی

تقریب میں دیگر شرکاء نے بھی اظہار خیال کیا اور محمد عقیل اشفاق سے وابستہ خوشگوار اور لطیف یادوں کو تازہ کرتے ہوئے ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ساہیوال ڈویژن محمد عقیل اشفاق کی ریٹائرمنٹ کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب ساہیوال آرٹس کونسل میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق تھے جبکہ ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد شفیق ڈوگر، کنٹرولر امتحانات ساہیوال بورڈ رانا نوید عظمت، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ریاض ہمدانی، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سید سلمان گیلانی اور سابق ڈائریکٹر کالجز قاضی عبدالناصر سمیت سینئر صحافیوں اور محکمہ اطلاعات کے سٹاف نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا کہ محمد عقیل اشفاق نے اپنی پوری ملازمت کے دوران ذمہ داری، دیانتداری اور پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ فرائض انجام دیتے ہوئے محکمہ اطلاعات کی نیک نامی میں اہم کردار ادا کیا اور سرکاری اداروں اور میڈیا کے درمیان مثبت روابط کے فروغ میں ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد شفیق ڈوگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ محمد عقیل اشفاق کی خدمات محکمہ اطلاعات اور ساہیوال ڈویژن کے لئے قابل قدر سرمایہ ہیں اور ان کی پیشہ وارانہ صلاحیتیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ تقریب میں دیگر شرکاء نے بھی اظہار خیال کیا اور محمد عقیل اشفاق سے وابستہ خوشگوار اور لطیف یادوں کو تازہ کرتے ہوئے ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق نے اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب پر تمام شرکاء، صحافی برادری اور محکمہ اطلاعات کے افسران و اہلکاروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محبت، عزت افزائی اور نیک تمنائیں ہمیشہ ان کے دل میں محفوظ رہیں گی۔

دشمن قوتوں نے پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کی تو انہیں منہ کی کھانا پڑے گی: حاجی محمد الیاس ساجد بھٹہ

چیچہ وطنی (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی محمد الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ دشمن قوتوں نے پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کی تو انہیں منہ کی کھانا پڑے گی پاکستانی قوم وطن عزیز کے دفاع اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی کیلئے پرعزم ہے مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں جاری اپنی بربریت سے توجہ ہٹانے کیلئے پاکستان پر الزام تراشی کر رہی ہے بھارت میں بسنے والی اقلیتیں غیر محفوظ ہیں اور ہمسایہ ممالک بھارتی جارحانہ رویہ سے عاجز آ چکے ہیں وقت آ گیا ہے کہ بھارت کو سبق سکھایا جائے تاکہ اسکی جارحیت کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کیا جا سکے، ہم مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کو کسی صورت نہیں بھولیں گے دونوں خطوں کے مظلوم مسلمانوں کے حوالے سے پاکستانی قوم کا موقف واضح ہے مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک حریت کے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے بھارت کو کشمیر سے اپنی فوجیں نکالنا ہوں گی اور اسرائیل کو بھی فلسطین کے مقبوضہ علاقے چھوڑنا ہوں گے اگر بھارت اور اسرائیل نے اپنی ہٹ دھرمی برقرار رکھی تو انکے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں بچے گا پاکستانی قوم وطن عزیز کے چپے چپے کا دفاع کرے گی اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

معرکہ حق بنیان مرصوص کی کامیابی کو ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا

ریلی کا آغاز پریس کلب حافظ آباد سے ہوا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور صدر پریس کلب چودھری امتیاز احمد تاج نے کی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پریس کلب/ یونین آف جرنلسٹس حافظ آباد کے زیر اہتمام معرکہ حق ××بنیان مرصوص×× کی کامیابی کو ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا آغاز پریس کلب حافظ آباد سے ہوا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور صدر پریس کلب چودھری امتیاز احمد تاج نے کی۔ ریلی میں جنرل سیکرٹری مہر حبیب اللہ، سینئر نائب صدر عبدالحمید رحمانی، نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری، سابق چیئرمین پریس کلب عبدالجبار رضا انصاری، شفقت حسین تارڑ، ملک ہمایوں شہزاد، سابق صدر مظہر حسین وڑائچ، سابق جنرل سیکرٹری ملک حامد رضا، زاہد سہیل گل، سید ظہیر عباس شاہ، فرخ عباس لون، جاوید اسلم بٹ سمیت پریس کلب کے اراکین اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز اٹھا رکھے تھے جبکہ افواج پاکستان کے حق میں پرجوش نعرے لگائے گئے۔ ریلی کے شرکاء نے معرکہ حق کی تاریخی کامیابی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرأت، بہادری اور قربانیوں کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے دشمن بھارت کی جارحیت کو ہمیشہ کی طرح مؤثر انداز میں ناکام بنا کر ثابت کیا کہ ملکی دفاع مضبوط اور ناقابل تسخیر ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی افواج پر فخر کرتی ہے، کیونکہ افواج پاکستان ہر قسم کے خطرات اور دشمن کی ہر چال کا مقابلہ کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پاکستان کے دفاعی اداروں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرأت اور بہترین حکمت عملی سے دنیا بھر میں ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ شرکاء نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی ولولہ انگیز قیادت، جرأت مندانہ فیصلوں اور ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اختیار کی گئی پالیسیوں کو بھی بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ ریلی کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے مرے کالج میں سیمینار میں منعقد ہوا

افواج پاکستان داخلی و خارجی خطرات کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہے۔ مقررین

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معرکہ حق، بنیان المرصوص میں کامیابی کے ایک سال مکمل ہونے کے حوالے سے گورنمنٹ گریجویٹ مرے کالج، سیالکوٹ میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں پاک فوج کی لازوال بہادری، قربانیوں اور پیشہ ورانہ مہارت کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اساتذہ، طلباء سمیت پریس کلب سیالکوٹ کے صحافیوں نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے افواج پاکستان کیساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ گورنمنٹ گریجویٹ مرے کالج، سیالکوٹ کے آڈیٹوریم میں منعقدہ سیمینار سے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد سعید نے کہا کہ سرحدوں کے دفاع سے لے کر ضرب عضب اور ردالفساد جیسے انسداد دہشت گردی آپریشنز تک پاکستان آرمی نے بیرونی اور اندرونی خطرات کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فوج صرف جغرافیہ کی حفاظت نہیں کرتی بلکہ یہ ہمارے نظریے، ہماری ثقافت اور ہمارے مستقبل کی بھی محافظ ہے۔

کھیلوں کے فروغ سے مثبت رویے فروغ پاتے ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

نوجوان ملک کا روشن مستقبل ہیں۔ کنوینئر اتحاد گروپ کا خطاب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں کھیل کود کے فروغ کا رجحان انتہائی قابل تحسین ہے نوجوان نسل کا مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب ہونا نہ صرف معاشرے کے لیے نیک شگون ہے بلکہ یہ ان کے روشن مستقبل کی ضمانت بھی ہے آج کے نوجوان دیگر غیر ضروری مشاغل کے بجائے کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنے میں مصروف ہیں جو کہ قابل فخر عمل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیہو وال میں منعقد ہونے والے "آٹھویں سالانہ فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ" کے موقع پر کیا اور اس ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے 3 لاکھ روپے کیش انعامیہ کو دیئے۔۔۔۔۔ ٹورنامنٹ میں حافظ غلام فرید، ملک فیصل، DSP ملک خالد اقبال، قاری غلام حسین، ملک عامر، ملک انتظار اور دیگر معززین شامل تھے جبکہ مختلف ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ہمارے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور وہ کھیل کے میدان میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں ایسے ٹورنامنٹس نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی مثبت تربیت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ٹورنامنٹ کے اختتام پر فتح یاب ہونے والی ٹیم اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے محمد خالد وسیم نے ڈیلیوٹی سپورٹس کی جانب سے بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو بیٹ گفٹ کیے جبکہ جیتنے والی اور رنر اپ ٹیموں کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا اس موقع پر کھلاڑیوں نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور ان کی پوری انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ایونٹس نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی ان کی قیادت میں اس طرح کے ٹورنامنٹس کا انعقاد جاری رہے گا۔

معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص کی تاریخی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر/ نمائندہ وقت ساجد حسین) معرکہ حق ××آپریشن بنیان المرصوص×× کی تاریخی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ممبران قومی و صوبائی اسمبلیز کی زیر صدارت افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس ڈی سی آفیس روم میں منعقد ہوا۔ وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب علی خان کھرل اور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری سلطان طارق باجوہ نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار، ممبر صوبائی اسمبلی رانا محمد ارشد، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے اجلاس کو بریفنگ میں بتایا کہ معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے پر ضلع کی تینوں تحصیلوں میں آج سے پروگرام کا انعقاد کر دیا گیا ہے۔ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں میوزیکل کنسرٹ سمیت ریلیاں بھی نکالی جائیں گی اور افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سکولوں میں بھی پروگرام منعقد ہونگے۔

دشمن قوتوں نے پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کی تو انہیں منہ کی کھانا پڑے گی: حاجی محمد الیاس ساجد بھٹہ

چیچہ وطنی (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی محمد الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ دشمن قوتوں نے پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کی تو انہیں منہ کی کھانا پڑے گی پاکستانی قوم وطن عزیز کے دفاع اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی کیلئے پرعزم ہے مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں جاری اپنی بربریت سے توجہ ہٹانے کیلئے پاکستان پر الزام تراشی کر رہی ہے بھارت میں بسنے والی اقلیتیں غیر محفوظ ہیں اور ہمسایہ ممالک بھارتی جارحانہ رویہ سے عاجز آ چکے ہیں وقت آ گیا ہے کہ بھارت کو سبق سکھایا جائے تاکہ اسکی جارحیت کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کیا جا سکے۔ ہم مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کو کسی صورت نہیں بھولیں گے دونوں خطوں کے مظلوم مسلمانوں کے حوالے سے پاکستانی قوم کا موقف واضح ہے مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک حریت کے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے بھارت کو کشمیر سے اپنی فوجیں نکالنا ہوں گی اور اسرائیل کو بھی فلسطین کے مقبوضہ علاقے چھوڑنا ہوں گے اگر بھارت اور اسرائیل نے اپنی ہٹ دھرمی برقرار رکھی تو انکے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں بچے گا پاکستانی قوم وطن عزیز کے چپے چپے کا دفاع کرے گی اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے کرسچن کمیونٹی کے رہنماؤں اور مختلف چرچز کے منتظمین کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا

جس کا مقصد کمیونٹی کے مسائل کا حل، بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینا تھا

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

پائیدار امن اور امید افزا پیش رفت

مشرقِ وسطیٰ کے سنگین ہوتے بحران میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے
کستان اور دیگر ممالک کی اپیل پر فوجی آپریشن کی معطلی کا اعلان ایک مثبت پیش رفت ہے
س نے امن کی ٹوٹتی ہوئی امیدوں کو سہارا دیا ہے۔ گزشتہ دو روز کے دوران آبنائے ہرمز
ں ہونیوالی امریکی کارروائیوں نے جس طرح عالمی بحری گزرگاہ میں تصادم کے خطرے کو
دھایا تھا' اس نے دنیا کو ایک بار پھر جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا تھا۔ خلیجی بندرگاہ اور بحری
جازوں پر میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد یہ خدشہ تقویت پکڑ رہا تھا کہ دونوں فریق جنگ
ندی کے خاتمے کا اعلان کر کے دوبارہ جارحانہ حکمت عملی اپنا سکتے ہیں۔ تاہم یہ امر اطمینان
ش ہے کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت اور دیگر ممالک کی کاوشوں سے صدر ٹرمپ
نے آبنائے ہرمز میں پھنسے تجارتی جہازوں کو ریسکیو کرنے کے آپریشن کو عارضی طور پر
وکنے کا اعلان کر دیا ہے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں امریکی آپریشن کی معطلی
سفارتکاری کو ایک اور موقع دینے کی کوشش ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس اقدام کو
خطے میں امن' استحکام اور مفاہمت کو آگے بڑھانے میں اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے امید
ظاہر کی کہ اس سے پائیدار معاہدے کی راہ ہموار ہوگی جو خطے میں امن و استحکام یقینی بنائے
گا۔ اس وقت پوری دنیا توانائی کی بڑھتی قیمتوں اور معیشت پر ان کے اثرات کو جس طرح
بھگت رہی ہے اس سے امن کی خواہش مزید شدت کے ساتھ ابھری ہے۔

امریکی جائزے کے مطابق آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث خلیج میں اس وقت
155 تجارتی جہاز اور ان پر سوار تقریباً ساڑھے 22 ہزار افراد پھنسے ہوئے ہیں۔ اس
صورتحال کے باعث دنیا بھر میں تیل و گیس اور دیگر تجارتی اشیا کی رسد میں کمی آئی ہے۔
جب تک یہ بحری راہداری مکمل طور پر بحال نہیں ہو جاتی اور ان جہازوں کو محفوظ راستہ نہیں
ملتا' تب تک عالمی معیشت پر سے جنگ کے اثرات کم نہیں ہوں گے۔ مہنگائی کا طوفان جو
س وقت پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے ہے' اسکی جڑیں خلیج فارس کے عدم استحکام
میں پیوست ہیں۔ سپلائی لائن کی اس بندش نے ثابت کر دیا ہے کہ آج کی دنیا ایک
دوسرے سے اس قدر مربوط ہے کہ ایک خطے کا امن دوسرے خطے کی خوشحالی کی ضمانت
ہے۔ یہ امر امید افزا ہے کہ عالمی برادری کی سفارتی کوششوں سے تہران اور واشنگٹن کے
مابین مکالمے کی وہ کھڑکی کھلی ہے جس نے حتمی معاہدے کی امید پیدا کر دی ہے۔ ایران کا
امریکی تجاویز پر غور کرنے کا اعلان اور امریکہ کی جانب سے جلد پائیدار معاہدے کی توقع
اس بات کی علامت ہے کہ فریقین اب باہمی تصادم کی قیمت کا ادراک کر چکے اور ایک مکمل
اور حتمی معاہدے کی جانب پیشرفت کر رہے ہیں جو خطے میں جاری عدم استحکام کو ختم کرنے
کا باعث بنے۔ یہ اس امر کا بھی اظہار ہے کہ کشیدگی کے باوجود سفارتی چینلز فعال ہیں اور
دونوں ممالک میں حائل خلیج کو پاٹنا اب ناممکن نہیں رہا۔ تاہم اس عمل میں سب سے بڑی
رکاوٹ وہ بے یقینی ہے جو فوجی کارروائیوں اور اشتعال انگیز بیان بازی کے نتیجے میں پیدا
ہوئی۔ ان امریکی کارروائیوں کے نتیجے میں عالمی منڈیوں میں خام تیل کی قیمتیں دوبارہ
بلندیوں پہ پہنچ گئی تھیں' گو کہ تناؤ میں کمی کے ساتھ قیمتوں میں پانچ سے نو فیصد کمی آ گئی ہے
مگر اس اتار چڑھاؤ سے پاکستان جیسے ممالک کی معیشتیں براہِ راست متاثر ہو رہی ہیں۔
ایران اور امریکہ کے مابین پائیدار امن کا حتمی معاہدہ نہ صرف ان دونوں ممالک کیلئے بلکہ
پوری انسانیت کیلئے ناگزیر ہے۔ جنگ کے بادلوں کو چھٹنا چاہیے اور بارود کی جگہ ترقی و
خوشحالی کا تبادلہ ہونا چاہیے۔ بھڑکتے ہوئے شعلوں کو ٹھنڈا کرنے کیلئے محض خلوصِ نیت اور
باہمی احترام پر مبنی سفارت کاری کی ضرورت ہے۔ عارضی جنگ بندی کو پائیدار استحکام میں
بدلنا ہر اُس انسان کی تمنا ہے جو جنگ کی ہولناکیوں سے واقف ہے۔

قومی اتحاد اور مستحکم پاکستان

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ معرکہ حق عوام' حکومت اور افواجِ پاکستان کے درمیان غیر متزلزل ہم آہنگی کی علامت ہے' جو اندرونی و بیرونی چیلنجز کے مدمقابل بنیانِ مرصوص کی مانند یکجا کھڑی ہیں۔ 275 ویں کور کمانڈر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل نے ملک میں جاری انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں میں کمانڈرز اور فارمیشنز کے عزم' مستعدی اور کامیابی کو سراہا اور روایتی اور غیر روایتی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ موجودہ علاقائی صورتحال اور عالمی حالات کے تناظر میں کور کمانڈر کانفرنس کا پیغام بہت اہم ہے۔ اس کانفرنس میں جہاں سرحدوں کی حفاظت اور درپیش سکیورٹی چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا وہاں قومی اتحاد کو بھی بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے پر اس کانفرنس میں اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے پر اس کانفرنس میں اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ ملک کے دفاع کیلئے ریاست کی تمام اکائیاں یکجا ہیں اور کسی بھی قسم کی جارحیت کا جواب دینے کیلئے مستعد ہیں۔ معرکہ ؟ حق ہمارے قومی اتحاد' اجتماعی عزم اور پاکستان کی خود مختاری کے تحفظ کے اس غیر متزلزل عہد کی عکاسی کرتا ہے جو ہم نے مشکل ترین حالات میں بھی برقرار رکھا ہے۔ یہ یاددہانی ہے اس امر کی کہ جب قوم کا بچہ بچہ دفاعِ وطن کیلئے اپنی افواج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہوتا ہے تو بڑی سے بڑی طاقت اور بڑے سے بڑے چیلنج سے نمٹنا مشکل نہیں ہوتا۔ آج جب ہم قومی سطح پر معرکہ ؟ حق کی یاد منا رہے ہیں تو یہ واضح رہنا چاہیے کہ یہ محض ایک قومی فتح کا جشن نہیں ہے بلکہ ملک پر میلی نظر ڈالنے والوں کیلئے ایک واضح اور دو ٹوک پیغام بھی ہے

کہ پاکستانی قوم اپنے دفاع کے معاملے میں کسی غفلت کا شکار نہیں ہے۔ یہ قومی اتحاد دشمن کو باور کرانے کیلئے کافی ہے کہ پاکستان



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ایک زندہ' بیدار اور ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار قوم ہے۔ دشمن کی کسی بھی مہم جوئی یا اشتعال انگیزی کا جواب دینے کیلئے پاکستان کی عسکری قوت اور عوامی جذبہ آج پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط اور مربوط ہو چکا ہے۔ عالمی منظر نامے پر نظر ڈالی جائے تو آج پاکستان کیلئے سفارتی حالات کافی سازگار دکھائی دیتے ہیں۔ یہ حکومت کیلئے ایک بڑا اور تاریخی موقع ہے کہ سفارتی فضا کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے دیرینہ مسائل' بالخصوص مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے عالمی برادری کی حمایت حاصل کرے۔ سفارتی محاذ پر حاصل کردہ کامیابیوں کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان کا بیانیہ دنیا بھر میں مزید موؤثر انداز میں پہنچایا جا سکے۔ بین الاقوامی برادری آج پاکستان کے امن پسند کردار اور خطے میں استحکام کیلئے اس کی کوششوں کو تسلیم کر رہی ہے' لہٰذا اس سازگار ماحول کو قومی مفادات کے تحفظ کیلئے موؤثر انداز سے بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

جہاں ہم بیرونی محاذ پر مضبوط ہو رہے ہیں وہیں ہمیں اندرونِ ملک معاملات میں سدھار لانے کی بھی ضرورت ہے۔ ملکی استحکام کا دارومدار سرحدوں کی حفاظت ہی پر نہیں عوامی فلاح و بہبود اور داخلی خوشحالی پر بھی ہے۔ حکومت کو اپنی توجہ عوام کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے' معیشت کی بہتری اور سماجی انصاف کی فراہمی پر مرکوز کرنا چاہیے۔ ماضی کی کمیوں' کوتاہیوں اور محرومیوں کا ادراک اور ان کا ازالہ کرنا ہی ایک ترقی یافتہ ریاست کی علامت ہوتی ہے۔ ہمیں ایمانداری سے ماضی کا جائزہ لیتے ہوئے اب اپنی سمت کا دوبارہ تعین کرنے کی ضرورت ہے۔ قومی اخوت اور یگانگت کی صورت میں ہمارے پاس وہ راستہ ہے جس پر چل کر ہم بہتر مستقبل کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ معرکہ ؟ حق کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ کامیابی محض مادی وسائل سے نہیں ملتی بلکہ جذبہ اور اتحاد بھی اس کا ناگزیر تقاضا ہے۔ ہمیں قومی اتحاد کو نہ صرف برقرار رکھنا ہے بلکہ اسے مزید گہرا اور مضبوط کرنا ہے تاکہ آنیوالی نسلوں کو پُرامن' خوشحال اور باوقار معاشرے کا تحفہ دے سکیں۔

امریکہ کی شکست

ایران اور امریکہ کے درمیان ایک بار پھر بات چیت اور معاہدہ پر اتفاق کے قریب پہنچنے کی خبریں عالمی میڈیا پر چھائی ہوئی ہیں۔ تاہم تہران سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ایرانی پوزیشن میں کوئی بنیادی فرق سننے میں نہیں آیا۔ اس وقت امریکہ کی طرف سے امن معاہدہ کی تجاویز تہران کے زیرِ غور ہیں اور صدر ٹرمپ کا کہنا ہے کہ اگر ایران اب بھی راضی نہ ہوا تو پہلے سے بھی بڑی تباہی ہوگی۔ اس سے پہلے پاکستان اور چند دوسرے ملکوں کی درخواست پر امریکی صدر نے 'پراجیکٹ فریڈم' کے نام سے آبنائے ہرمز سے پھنسے ہوئے جہاز نکالنے کی کارروائی کو معطل کیا تھا اور کہا تھا کہ ایران کے ساتھ سفارتی کامیابی کا امکان پیدا ہوا ہے اور 'ہم درست لوگوں سے بات کر رہے ہیں۔ دیکھنا ہوگا کہ کیا وہ معاہدہ کرنے کا حوصلہ بھی کر سکتے ہیں یا نہیں'۔ اس سے پہلے امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو نے ایک پریس بریفنگ میں کہا تھا کہ امریکہ کا ایران کے خلاف آپریشن 'ایپک فری' ختم ہو گیا ہے لیکن 'پراجیکٹ فریڈم' دفاعی نوعیت کی کارروائی ہے جس میں دو ماہ سے پھنسے ہوئے جہازوں کو نکالا جائے گا۔ ہم اس دوران فائر نہیں کرنا چاہتے لیکن ہم پر حملہ ہوا تو سخت جواب دیا جائے گا۔ صدر ٹرمپ امریکی بحریہ پر حملہ کی صورت میں ایران کو نیست و نابود کرنے کی دھمکیاں بھی دیتے رہے ہیں۔ 'پراجیکٹ فریڈم' روکنے کے اعلان کو ایران اپنی فتح قرار دے رہا ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ بمباری سے ایران کو جھکانے میں ناکام ہونے کے بعد اب امریکہ اپنی بحری طاقت کے باوجود آبنائے ہرمز کھلوانے میں کامیاب نہیں ہوا۔ ایران نواز تبصرہ نگار بھی اسے امریکہ کی شکست یا ہزیمت قرار دیتے ہیں۔ تاہم امریکی صدر کی طرف سے اس منصوبے کو موؤخر کرنے کی کوئی بھی وجہ ہو لیکن اس اعلان کے بعد ایک تو تیل کی بڑھتی ہوئی

محمد سیف اللہ بھٹی

قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھنے میں آیا تو دوسری طرف یہ خبریں عام ہوئیں کہ اب پاکستان کے ذریعے چند ایسے نکات پر اتفاق ہو رہا ہے جس کے نتیجہ میں امریکہ باقاعدہ جنگ بند کرنے اور ایران آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کر سکتے ہیں۔ البتہ واشنگٹن یا تہران سے اس بارے میں تصدیق نہیں ہو سکی۔ اسلام آباد میں ڈپٹی وزیراعظم اور وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے بی بی سی کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سفارتی کوششیں جاری ہیں لیکن پاکستان فریقین کی اجازت کے بغیر کوئی معلومات فراہم نہیں کرے گا۔ پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی کے دوران نہایت محتاط رویہ اختیار کیا ہے اور باہمی مواصلت کو بڑی حد تک صیغہ راز میں رکھنے میں کامیاب رہا ہے۔ تاہم اس دوران 'پراجیکٹ فریڈم' رکوانے میں کامیابی حاصل کرنے کے علاوہ پاکستان نے مبینہ طور پر کچھ ایسی تجاویز تیار کرنے میں بھی کردار ادا کیا ہے جن پر ایران اور امریکہ کا اتفاق رائے ہو سکتا ہے۔ اب تہران کی طرف سے امریکہ کی منظور کردہ تجاویز پر حتمی فیصلے کا انتظار ہو رہا ہے۔ اس دوران ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے بیجنگ کا دورہ کیا ہے جس میں ان کی چینی وزیرخارجہ وانگ یی سے ملاقات ہوئی ہے۔ خبروں کے مطابق چین نے ایران پر واضح کیا ہے کہ اب وہ مزید جنگ نہیں چاہتا۔ اس تنازعہ کا کوئی دیرپا حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ دوسری طرف ایرانی وزیرخارجہ نے اس ملاقات کو مثبت قرار دیتے ہوئے ایکس پر لکھا ہے کہ 'چین نے ایران کے قومی اقتدارِ اعلیٰ اور قومی وقار کے تحفظ کے حق کی توثیق کی ہے'۔ ایرانی وزیرخارجہ نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے چینی حکومت کی تجویز کو سراہا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران، چین پر اعتماد کرتا ہے اور توقع کرتا ہے کہ وہ امن کے فروغ اور جنگ کے خاتمے کے لیے مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔ تاہم چین کی طرف سے جنگ کی بجائے امن کی تجویز اور صدر ٹرمپ کی طرف سے پراجیکٹ فریڈم کے نام سے شروع ہونے والی فوری اشتعال انگیزی اور تصادم کے اندیشے کو ٹالنے سے یہ امید کو بحال ہوئی ہے کہ فریقین اب بھی کسی حل تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

نوشاد صاحب کی یاد میں

تحریر: انعام ندیم

نوشاد علی، ہندی اردو فلمی موسیقی کا ایسا روشن ستارہ تھے جو اپنی دھنوں سے آج بھی دلوں کو جگمگا رہا ہے۔ اپنے نام کی طرح ان کی موسیقی سن کر ان کے چاہنے والوں کا دل آج بھی شاد ہو اُٹھتا ہے اور جھومنے لگتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں سینما کو وجود میں آئے ایک صدی سے زیادہ عرصہ گزر چکا، مگر نوشاد جیسا دوسرا کوئی پیدا نہ ہو سکا۔ نغمہ و شعر کی جو دولت انہیں عطا ہوئی، اسے کوئی دہرا نہ سکا۔ فلمی دنیا میں انہوں نے نہایت مختصر عرصے میں بڑے بڑے ناموں کے درمیان اپنی پہچان قائم کی تھی، مگر اس کامیابی کے پیچھے ایک طویل جدوجہد اور موسیقی سے بے پناہ وابستگی تھی، جس نے انہیں فلمی موسیقی کا بے تاج بادشاہ بنا دیا۔

25 دسمبر 1919 کو نوابوں کے شہر لکھنو؟ کے مضافات میں پیدا ہونے والے نوشاد علی کو ابتدا ہی سے موسیقی سے لگاو؟ تھا۔ شہر کے علاقے امین آباد میں اس زمانے میں رائل ٹاکیز نامی ایک سینما تھا، جہاں ہندی فلمیں دکھائی جاتی تھیں۔ اگرچہ وہ خاموش فلموں کا دور تھا، مگر ناظرین کی دل چسپی کے لیے وقفوں کے دوران پردے کے پیچھے مقامی فنکار آرکسٹرا کے ذریعے موسیقی پیش کرتے، جسے لوگ بے حد پسند کرتے تھے۔ نوشاد بھی جب اس علاقے سے گزرتے تو ان دھنوں کے سحر میں گرفتار ہو جاتے۔ وہ وہیں کھڑے ہو کر موسیقی سنتے رہتے، اور یہ ان کا روز کا معمول بن گیا۔ موسیقی سنتے سنتے ان کے دل میں ساز بجانے کی خواہش بیدار ہوئی، مگر ان کے پاس کوئی ساز نہ تھا۔ یہی شوق انہیں ایک سازوں کی دکان تک لے گیا جہاں انہوں نے ملازمت اختیار کر لی۔ فارغ وقت میں وہ چھپ کر ہارمونیم بجانے کی مشق کرتے اور اس پر سُر بٹھانے کی کوشش کرتے۔ ایک دن ان کی یہ "چوری" پکڑی گئی۔ مگر جب دکان کے مالک غربت علی نے ان کا جذبہ دیکھا تو نہ صرف وہ ہارمونیم انہیں تحفے میں دے دیا، بلکہ انہیں غضنفر حسین المعروف لڈھن صاحب سے بھی ملوایا، جو رائل ٹاکیز میں آرکسٹرا بجاتے تھے۔ لڈھن صاحب نے انہیں اپنا شاگرد بنا لیا اور باقاعدہ موسیقی کی تعلیم دی۔ اس کے علاوہ استاد بہن اور یوسف علی خان نے بھی انہیں موسیقی کے بنیادی اصول سکھائے۔

آرکسٹرا میں سیکھنے اور بجانے کے بعد نوشاد نے ڈراموں کے لیے موسیقی ترتیب دینا شروع کر دی۔ ہیروز ایسوسی ایشن کے علاوہ پارسی تھیٹر کے معروف ڈراما نگار آغا حشر کاشمیری کے بعض ڈراموں کے لیے بھی انہوں نے دھنیں ترتیب دیں۔ ڈراما کمپنیوں اور اسٹیج پروگراموں میں مصروفیت کے باعث وہ اکثر دیر سے گھر لوٹتے۔ ان کے والد وحید علی، جو کچہری میں محرر تھے، اس سب کے سخت مخالف تھے۔ انہیں یہ ہرگز گوارا نہ تھا کہ ان کا بیٹا گانے بجانے جیسے پیشے سے وابستہ ہو۔ نتیجتاً باپ بیٹے کے درمیان کشیدگی بڑھتی گئی، یہاں تک کہ ایک دن والد نے صاف کہہ دیا، "گھر چنو یا موسیقی؟" اٹھارہ سالہ نوشاد نے موسیقی کو اپنا مقدر سمجھا اور ہمیشہ کے لیے گھر چھوڑ دیا۔

لکھنو؟ سے وہ سیدھے ممبئی پہنچے، جو اُن دنوں بمبئی کہلاتا تھا۔ کچھ عرصہ جدوجہد کے بعد انہیں ایک فلم "سمندر" میں بطور سازندے کے کام مل گیا۔ اس فلم کے موسیقار مشتاق حسین نے انہیں اپنے آرکسٹرا میں پیانو بجانے کا موقع دیا۔ موسیقی پر عبور اور مختلف ساز بجانے کی مہارت کے باعث وہ جلد ہی موسیقار کے معاون بن گئے۔ اس کے بعد انہوں نے "نرالا ہندوستان" اور "پتی پتنی" میں مشتاق حسین کے ساتھ، "سنہری مکڑی" میں استاد جھنڈے خان کے ساتھ، "میری آنکھیں" میں کھیم چند پرکاش کے ساتھ، اور "مرزا صاحباں" میں ڈی این مدھوک کے ساتھ بطور اسسٹنٹ کام کیا۔ ان کی محنت رنگ لائی اور تین برس کے اندر انہیں 1939 میں فلم "کنچن" میں بطور موسیقار کام مل گیا اور انہوں نے اپنی پہلی دھن، "بتا دو موہے کون گلی گئے شیام" تخلیق کی۔ یہ گیت لیلا چٹنیس نے گایا تھا۔ اس گانے کی ریکارڈنگ میں انہیں بہت مشکلات پیش آئیں۔ وجہ یہ تھی کہ دوسرے سازندے ان کے ساتھ تعاون نہیں کرتے تھے۔ وہ اس بات کو برداشت نہ کر سکتے تھے کہ کل تک ان کے ساتھ بجانے والا لڑکا آج انہیں ہدایت دے رہا ہے۔ اس رویے سے دل برداشتہ ہو کر نوشاد نے "کنچن" کے لیے صرف ایک گانا ترتیب دینے کے بعد استعفیٰ دے دیا اور رنجیت کمپنی کو خیرباد کہہ دیا۔ تاہم یہ گانا نہایت خوب صورت تھا۔ اس میں اودھی، بھوجپوری اور لوک موسیقی کی جھلک نمایاں تھی، اور اس کی لے میں اس دور کے مشرقی اتر پردیش، خصوصاً بنارس کے کوٹھوں میں گائے جانے والے گیتوں کی بازگشت سنائی دیتی تھی۔ یہ فلم 1941 میں ریلیز ہوئی۔ اس دوران سنہ 1940 میں آنے والی فلم "پریم نگر" وہ فلم تھی جس نے انہیں پہلی بار کامیابی کا ذائقہ چکھایا۔ اس کے بیشتر گیت مقبول ہوئے، خصوصاً "من کے تار ہلا جا اپنے ہاتھوں"۔ اس کامیابی نے انہیں فلمی صنعت میں مستحکم کر دیا۔ اس کے بعد "اسٹیشن ماسٹر" آئی، جو باکس آفس پر بڑی کامیاب ثابت ہوئی اور یہی ان کی پہلی سلور جوبلی فلم تھی۔ اس فلم کی کامیابی نے بڑے بینروں کے دروازے ان پر کھول دیے۔ اے آر کاردار، جنہوں نے کبھی انہیں یہ کہہ کر مسترد کر دیا تھا کہ "تم ابھی بچے ہو"، خود اپنی فلم "نئی دنیا" کے لیے انہیں مدعو کرنے پر مجبور ہوئے۔

فلم "نئی دنیا" اور اس کی موسیقی دونوں کامیاب رہیں۔ اس کے بعد نوشاد نے کاردار پروڈکشن کی متعدد فلموں، جیسے "شاردا"، "دلاری"، "نمستے"، "قانون"، "سنجوگ"، "جیون"، "سنیاسی"، "نائک"، "درد"، "شاہجہاں"، "دل لگی"، "قیمت"، "دل دیا درد لیا"، "داستان" اور "جادو" کے لیے موسیقی ترتیب دی، اور ان کی دھنوں نے ان فلموں کو کامیابی سے ہم کنار کیا۔

پیرا فورس اور ٹریفک پولیس کے ظلم کی شکار بے بس غریب عوام

پاکستان میں عام آدمی کی زندگی پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے میں اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی عوام کے لیے سہارا بننے کے بجائے خوف اور پریشانی کی علامت بن جائیں تو غریب آدمی کے لیے زندگی مزید عذاب بن جاتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں پیرا فورس اور ٹریفک پولیس کا بنیادی مقصد عوام کی حفاظت، قانون کی عملداری اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے، مگر افسوس کہ بعض اہلکار اپنی طاقت اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے غریب عوام کے لیے ذہنی اذیت اور مالی استحصال کا سبب بن چکے ہیں۔

سڑکوں، چوراہوں اور بازاروں میں روزانہ ہزاروں مزدور، رکشہ ڈرائیور، موٹر سائیکل سوار، دیہاڑی دار اور چھوٹے کاروبار کرنے والے لوگ اپنے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کے لیے نکلتے ہیں، مگر راستے میں انہیں ٹریفک پولیس اور مختلف فورسز کے اہلکاروں کی سختی، بدتمیزی اور غیر ضروری کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اکثر غریب شہری نہ تو مہنگے وکیل کر سکتے ہیں اور نہ ہی کسی بااثر شخصیت تک رسائی رکھتے ہیں، اس لیے وہ خاموشی سے زیادتی برداشت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ بعض مقامات پر ٹریفک قوانین کی آڑ میں غریب عوام سے بھاری جرمانے وصول کیے جاتے ہیں جبکہ بااثر افراد، بڑی گاڑیوں میں گھومنے والے طاقتور لوگ اور سیاسی سفارش رکھنے والے افراد آسانی سے بچ نکلتے ہیں۔ ایک غریب موٹر سائیکل سوار اگر ہیلمٹ نہ پہن سکے یا کاغذات مکمل نہ ہوں تو اس کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کیا جاتا ہے جیسے وہ کوئی بڑا مجرم ہو، لیکن دوسری طرف وی آئی پی پروٹوکول اور بااثر افراد کی خلاف ورزیوں پر اکثر خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے

۔ یہی دوہرا معیار عوام میں احساس محرومی اور غصہ پیدا کرتا ہے۔ دیہاڑی دار مزدور جو صبح سویرے مزدوری کے لیے گھر سے نکلتا ہے، اگر راستے میں اس کی موٹر سائیکل بند کر دی جائے یا اسے گھنٹوں کھڑا رکھا جائے تو اس دن اس کے بچوں کے چولہے ٹھنڈے رہ جاتے ہیں۔ رکشہ ڈرائیور، سبزی فروش، ریڑھی بان اور چھوٹے دکاندار پہلے ہی مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہیں

، ایسے میں اگر انہیں معمولی باتوں پر ہراساں کیا جائے تو ان کے لیے جینا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ کئی بار غریب لوگ صرف اس خوف سے قرض لے کر جرمانے ادا کرتے ہیں کہ کہیں ان کی گاڑی بند نہ ہو جائے یا انہیں تھانے کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ عوامی شکایات میں یہ بات بھی بارہا سامنے آتی ہے کہ بعض اہلکار قانون نافذ کرنے کے بجائے اختیارات کے اظہار میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ سخت لہجہ، عوام کی تذلیل، بلاوجہ روک ٹوک اور بعض جگہوں پر مبینہ رشوت ستانی جیسے رویے اداروں کی ساکھ کو متاثر کرتے ہیں۔ جب ایک غریب شخص عزت نفس مجروح ہونے کے بعد گھر واپس جاتا ہے تو اس کے دل میں ریاستی اداروں کے لیے احترام کم ہونے لگتا ہے۔ یہ صورتحال کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے خطرناک ہے۔ یہ کہنا بھی درست ہوگا کہ تمام اہلکار ایک جیسے نہیں ہوتے۔ بہت سے ایماندار اور فرض شناس افسران و اہلکار موجود ہیں جو سخت حالات میں اپنی ڈیوٹی ایمانداری سے انجام دیتے ہیں اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں، مگر چند کالی بھیڑیں پورے ادارے کی بدنامی کا سبب بن جاتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور اعلیٰ حکام ایسے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کریں جو اختیارات کا

غلط استعمال کر کے عوام کو پریشان کرتے ہیں۔ قانون کی عملداری یقیناً ضروری ہے۔ ٹریفک قوانین پر عمل نہ کرنے سے حادثات بڑھتے ہیں اور انسانی جانیں ضائع ہوتی ہیں، مگر قانون نافذ کرنے کا طریقہ بھی مہذب، انسانی اور منصفانہ ہونا چاہیے۔ قانون کا اصل مقصد اصلاح اور تحفظ ہوتا ہے، نہ کہ غریب عوام کو ذلیل کرنا۔ اگر کسی شہری سے غلطی ہو جائے تو پہلے اسے آگاہی دی جائے، نرمی سے سمجھایا جائے اور پھر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ خوف اور دھونس کے بجائے احترام اور شعور کے ذریعے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ہمارے ملک میں غریب آدمی پہلے ہی طاقتور طبقے کے ظلم، مہنگائی، بے روزگاری اور ناقص نظام کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ ایسے میں اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی اس کے لیے آسانی پیدا کرنے کے بجائے مزید مشکلات کھڑی کریں تو عوام کا اعتماد ختم ہونے لگتا ہے۔ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے اور ریاستی اداروں کا فرض ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ اور انصاف فراہم کریں، نہ کہ انہیں خوفزدہ کریں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹریفک پولیس اور دیگر فورسز میں اصلاحات کی جائیں، اہلکاروں کی تربیت بہتر بنائی جائے اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی کو لازمی قرار دیا جائے۔ ہر اہلکار کو یہ احساس ہونا چاہیے کہ وردی خدمت کے لیے ہوتی ہے، طاقت کے اظہار کے لیے نہیں۔ اسی طرح عوام کو بھی ٹریفک قوانین کی پابندی کرنی چاہیے تاکہ نظم و ضبط قائم ہو سکے، مگر قانون کا نفاذ انصاف اور مساوات کے اصولوں کے تحت ہونا چاہیے۔ اگر ریاست واقعی عوام دوست بننا چاہتی ہے تو اسے غریب آدمی کی عزت نفس کا خیال رکھنا ہوگا۔ ایک مزدور، رکشہ ڈرائیور یا عام شہری بھی اتنا ہی قابل احترام ہے جتنا کوئی امیر یا بااثر شخص۔ جب تک قانون سب کے لیے برابر نہیں ہوگا اور اختیارات کا استعمال انصاف کے مطابق نہیں ہوگا، تب تک غریب عوام خود کو بے بس اور محروم محسوس کرتی رہے گی۔ پاکستان کو ایک ایسے نظام کی ضرورت ہے جہاں وردی خوف کی نہیں بلکہ تحفظ، انصاف اور خدمت کی علامت بنے۔

امریکہ اسرائیل ایران کشیدگی اور پاکستان کا کردار

ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ یا کشیدگی کا معاملہ محض دو ممالک تک محدود نہیں بلکہ یہ عالمی سیاست، علاقائی توازن اور مسلم دنیا کی داخلی و خارجی پالیسیوں پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس تناظر میں اگر ہم ایران اور امریکہ کے درمیان کسی بڑے تصادم کا تصور کریں تو اس میں مسلم ممالک، نیز چین اور روس کا کردار نہایت اہم ہو جاتا ہے۔

مسلم دنیا اس وقت سیاسی، معاشی اور سفارتی لحاظ سے یکساں موقف رکھنے سے قاصر دکھائی دیتی ہے۔ او آئی سی جیسے پلیٹ فارم موجود ہونے کے باوجود عملی اتحاد کمزور ہے۔ اگر ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ ہوتی ہے تو مسلم ممالک تین واضح دھڑوں میں تقسیم ہو سکتے ہیں:

1. ایران کے حامی ممالک:
کچھ ممالک، خاص طور پر وہ جو امریکہ کی پالیسیوں سے نالاں ہیں یا ایران کے ساتھ نظریاتی یا سیاسی قربت رکھتے ہیں، وہ ایران کی اخلاقی یا محدود سفارتی حمایت کر سکتے ہیں۔

2. امریکہ کے اتحادی ممالک:
خلیجی ریاستیں جیسے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات عمومی طور پر امریکہ کے قریب سمجھی جاتی ہیں۔ ان کا کردار براہِ راست جنگ میں شامل ہونے کے بجائے لاجسٹک، انٹیلیجنس یا اڈوں کی فراہمی تک محدود ہو سکتا ہے۔

3. غیر جانبدار ممالک:
کئی مسلم ممالک، جیسے پاکستان اور ترکی، ممکنہ طور پر غیر جانبداری اختیار کرتے ہوئے ثالثی کی کوشش کر سکتے ہیں تاکہ خطے کو بڑے بحران سے بچایا جا سکے۔

چین کا کردار

چین ایک ابھرتی ہوئی عالمی طاقت ہے جس کے مشرق وسطیٰ میں معاشی مفادات بہت وسیع ہیں، خاص طور پر توانائی کے شعبے میں۔ چین کی پالیسی عموماً "عدم مداخلت" پر مبنی ہوتی ہے، لیکن: چین ایران کے ساتھ قریبی اقتصادی تعلقات رکھتا ہے، خاص طور پر توانائی کی درآمدات میں۔

وہ جنگ کے بجائے سفارتی حل کو ترجیح دے گا تاکہ اس کی "بیلٹ اینڈ روڈ" منصوبہ بندی متاثر نہ ہو۔

چین ایران کے ساتھ قریبی اقتصادی تعلقات رکھتا ہے، خاص طور پر توانائی کی درآمدات میں۔

وہ جنگ کے بجائے سفارتی حل کو ترجیح دے گا تاکہ اس کی "بیلٹ اینڈ روڈ" منصوبہ بندی متاثر نہ ہو۔

چین ممکنہ طور پر اقوام متحدہ میں ایران کے خلاف سخت اقدامات کی مخالفت کر سکتا ہے۔

روس کا کردار

روس بھی اس خطے میں ایک کلیدی کھلاڑی ہے۔ روس کی پالیسی زیادہ واضح اور بعض اوقات جارحانہ نوعیت کی ہو

انٹرنیشنل

لندن: شہزادی این، شہزادی رائل (سی) بکنگھم پیلس میں رائل گارڈن پارٹی میں شریک مہمانوں کو خوش آمدید کہہ رہی ہیں

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے لبنان پر حملے، مزید 13 افراد شہید

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کے باوجود لبنان پر حملے جاری ہیں جس میں مزید 13 افراد شہید ہوگئے۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے معاہدے کے بعد بدھ کو پہلی بار لبنان کے دارالحکومت بیروت پر حملہ کیا۔ رپورٹس کے مطابق یہ فضائی حملہ بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے داحیہ پر کیا گیا، جہاں حزب اللہ کا مرکز واقع ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں تصاویر میں بڑے پیمانے پر آگ اور کم از کم ایک عمارت کو شدید نقصان دکھایا گیا۔ اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو نے ایک بیان میں کہا کہ انہوں نے خود اس حملے کی منظوری دی تھی، جس کا ہدف حزب اللہ کی ایلیٹ رضوان فورس کا ایک کمانڈر تھا۔

فلسطین کے حامی اور صیہونی مخالف یہودی کارکنوں کا لندن، برطانیہ میں برٹش میوزیم کے باہر مظاہرہ

شمالی کوریا کا ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے پر دستخط سے انکار

امریکا اور کچھ دوسرے ملک گیارھویں این پی ٹی ریویو کانفرنس کا ماحول خراب کر رہے ہیں، بیان

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے پر دستخط کرنے سے انکار کردیا۔ شمالی کوریا نے ایک بیان می کہا کہ وہ ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے این پی ٹی میں شامل نہیں ہوگا۔ شمالی کوریا نے ایک بیان میں کہا کہ وہ ایٹمی عدم پھیلاو کے کسی بھی معاہدے کا پابند نہیں ہے۔ اقوام متحدہ میں شمالی کوریا کے مستقل مندوب کم سونگ نے ایک بیان میں کہا کہ امریکا اور کچھ دوسرے ملک گیارھویں این پی ٹی ریویو کانفرنس کا ماحول خراب کر رہے ہیں۔ یہ کانفرنس اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں منعقد ہو رہی ہے جس میں شمالی کوریا کے ایٹمی ہتھیاروں کا معاملہ بھی اٹھایا گیا ہے۔ شمالی کوریا کے مندوب کم سونگ نے کہا کہ شمالی کوریا ایٹمی ہتھیاروں کا حامل ملک ہے اور یہ پوزیشن دوسروں کے اصرار یا یک طرفہ خواہش پر تبدیل نہیں ہوسکتی۔ واضح رہے کہ اسرائیل نے بھی ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے یا این پی ٹی پر دستخط نہیں کئے، تاہم اس پر کبھی اس سلسلے میں دباو نہیں ڈالا گیا جبکہ ایران ان ملکوں میں شامل ہے جو این پی ٹی پر دستخط کر چکے ہیں۔ امریکا اور کچھ دوسرے ملک گیارھویں این پی ٹی ریویو کانفرنس کا ماحول خراب کر رہے ہیں، بیان۔ امریکا اور کچھ دوسرے ملک گیارھویں این پی ٹی ریویو کانفرنس کا ماحول خراب کر رہے ہیں، بیان۔ امریکا اور کچھ دوسرے ملک گیارھویں این پی ٹی ریویو کانفرنس کا ماحول خراب کر رہے ہیں، بیان

سعودی عرب کا فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے 20 لاکھ ڈالر کا عطیہ

مملکت برادر فلسطینی عوام کی مدد اور یو این آر ڈبلیو اے کے بجٹ کی معاونت کا پختہ عزم رکھتی ہے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے 20 لاکھ ڈالر کا چیک فراہم کر دیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سعودی عرب نے فلسطینی پناہ گزینوں کے لئے اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی (یو این آر ڈبلیو اے) کو 20 لاکھ ڈالر کا چیک پیش کیا جو خطے میں ایجنسی کے بجٹ، پروگراموں اور آپریشنز کی معاونت کے لیے سعودی عرب کا سالانہ تعاون ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اردن میں خادم حرمین شریفین کے سفیر شہزادہ منصور بن خالد بن فرحان نے گزشتہ روز یو این آر ڈبلیو اے کو یہ رقم پیش کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ قیادت کی ہدایات کے مطابق مملکت مسئلہ فلسطین کی حمایت، برادر فلسطینی عوام کی مدد اور یو این آر ڈبلیو اے کے بجٹ کی معاونت کا پختہ عزم رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امداد دینے کا مقصد یہ ہے کہ ایجنسی فلسطینی پناہ گزینوں کے حوالے سے اپنی سماجی، انسانی، تعلیمی اور طبی ذمہ داریوں اور وعدوں کو پورا کر سکے، خاص طور پر ان مشکل اور کٹھن حالات میں جن کا انہیں سامنا ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ انہوں نے فلسطینی عوام کو انسانی خدمات کی فراہمی اور ان کی تکالیف کو کم کرنے کے لئے یو این آر ڈبلیو اے کے کلیدی کردار کو بھی سراہا۔

ایران کو یورینیم کے بدلے معاشی ریلیف دینے کی پیشکش ناکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جریدے وائرڈ نے دعوی کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کے قریبی حلقوں نے ایران کے ساتھ ایک ایسے معاہدے پر کام کیا جس کے تحت تہران اپنے افزودہ یورینیم سے دستبردار ہوتا جبکہ بدلے میں اسے اربوں ڈالر کے منجمد فنڈز اور پابندیوں میں نرمی دی جاتی۔ رپورٹ کے مطابق اس مجوزہ ڈیل میں امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس، خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر نے اہم کردار ادا کیا اور یہ فریم ورک صدارتی منظوری کے بعد تیار کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت ایران اپنے ہائی لیول افزودہ یورینیم کو منتقل کرنے پر آمادہ ہوتا جبکہ 12 سے 15 سال تک یورینیم افزودگی محدود رکھنے کی شرط بھی شامل تھی۔ اس کے بدلے ایران کو تقریباً 20 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں تک رسائی اور معاشی پابندیوں میں نرمی دی جانا تھی۔ جریدے کے مطابق ابتدائی طور پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس تجویز کو سیاسی طور پر حساس قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا تھا کیونکہ ایران کو بڑی مالی رعایت دینے کا تاثر امریکی سیاست میں شدید ردعمل پیدا کر سکتا تھا۔

دنیا کے پہلے 24 گھنٹے نیوز چینل سی این این کے بانی دنیا سے رخصت ہوگئے

جرات مندانہ فیصلوں کے باعث ٹیڈ ٹرنر کو مختلف القابات سے یاد کیا جاتا تھا، امریکی میڈیا

نیویارک (این این آئی) عالمی میڈیا انڈسٹری میں انقلاب برپا کرنے والے اور امریکی ٹی وی سی این این کے بانی ٹیڈ ٹرنر 87 برس کی عمر میں دنیا سے رخصت ہو گئے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے ٹرنر انٹرپرائزز کے جاری کردہ بیان کے حوالے سے ان کی وفات کی تصدیق کی تاہم موت کی وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آسکی۔ ٹیڈ ٹرنر کو جدید ٹی وی صحافت کا ایک منفرد اور جرات مند نام سمجھا جاتا تھا۔ انہوں نے 1980 میں دنیا کے پہلے 24 گھنٹے خبروں کے چینل سی این این کی بنیاد رکھ کر میڈیا کے انداز کو ہمیشہ کے لیے بدل دیا۔ اپنے بے باک انداز، غیر روایتی شخصیت اور جرات مندانہ فیصلوں کے باعث ٹیڈ ٹرنر کو مختلف القابات سے یاد کیا جاتا تھا جن میں کیپٹن آئرنکس، ماتھ آف دی ساتھ اور ٹیریبل ٹیڈ شامل تھے۔ وہ صرف میڈیا ٹائیکون ہی نہیں بلکہ کھیلوں، ماحولیات اور فلاحی سرگرمیوں میں بھی سرگرم کردار ادا کرتے رہے۔ 2018 میں ٹیڈ ٹرنر نے انکشاف کیا تھا کہ وہ لیوی باڈی ڈیمینشیا نامی اعصابی بیماری میں مبتلا ہیں جو وقت کے ساتھ دماغی اور جسمانی صلاحیتوں کو متاثر کرتی ہے۔ ٹیڈ ٹرنر کی وفات کو عالمی صحافت کے ایک عہد کے خاتمے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے جبکہ دنیا بھر کی میڈیا شخصیات اور ادارے انہیں خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ جرات مندانہ فیصلوں کے باعث ٹیڈ ٹرنر کو مختلف القابات سے یاد کیا جاتا تھا، امریکی میڈیا

طائیہ میں واقع یونیورسٹی آف ایسٹ لندن میں "فاؤنڈیشنز فار لائف: ایک گائیڈ ٹو سوشل اینڈ ایموشنل ڈیولپمنٹ" کے آغاز کے لیے اپنے دورے کے دوران تحفہ وصول کرنے پر ردعمل کا اظہار کر رہی ہیں۔

ایران بحری جہازوں کو خدمات، مدد کیلئے تیار

تہران (این این آئی) ایران کی بندرگاہیں جہازوں کو عام سمندری خدمات اور مدد کے لیے مکمل تیار ہیں۔ ایران کی پورٹس اور میری ٹائم آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اور دیگر علاقائی سمندروں میں موجود تجارتی جہازوں کو جہاز رانی سے متعلق خدمات، تکنیکی معاونت اور طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ ایران نے کہا کہ اس کی بندرگاہیں آبنائے ہرمز میں موجود تجارتی بحری جہازوں کو جہاز رانی سے متعلق خدمات اور سپورٹ فراہم کر سکتی ہیں۔ واضح رہے کہ اقوام متحدہ میں ایرانی مشن نے رکن ملکوں سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ آبنائے ہرمز پر امریکی اور خلیجی اتحادیوں کی قرارداد مسترد کر دیں۔ ایرانی مشن نے کہا کہ یہ قرارداد بحران کو حل کرنے کے لیے نہیں، بلکہ ناقص اور سیاسی محرکات پر مبنی ہے۔

میکسیکو سٹی: قومی معمول کے زلزلے کی مشق کے دوران لوگ احاطہ کر رہے ہیں

SPORTS سپورٹس

چیسٹر، انگلینڈ میں چیسٹر ریسکورس میں ریان مور نے امیلیا ایرہارٹ (L) کی سواری کرتے ہوئے

فیفا ورلڈ کپ کے آغاز سے 14 روز قبل امریکا پہنچنے کا منصوبہ بنا رہے، ایرانی ہیڈ کوچ

تہران (این این آئی) ایران کی قومی فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ امیر قالنوبی نے کہا ہے کہ ٹیم 2026 فیفا ورلڈ کپ کے آغاز سے 14 روز قبل امریکا پہنچنے کا منصوبہ بنا رہی ہے تاکہ عالمی ایونٹ کی بھرپور تیاری کی جاسکے اور کھلاڑی وہاں کے ماحول سے ہم آہنگ ہوسکیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہیڈ کوچ امیر قالنوبی نے کہا کہ ٹیم کو ورلڈ کپ سے قبل مزید دو یا تین معیاری وارم اپ میچز کی ضرورت ہے۔ ایران کی ٹیم 16 مئی کو تربیتی کیمپ کے لئے ترکیہ روانہ ہوگی جہاں وہ دو ہفتے قیام کرے گی۔ ایران فٹبال فیڈریشن کے صدر مہدی تاج نے کہا کہ ورلڈ کپ میں شرکت کے حوالے سے بہترین فیصلے کیے جا رہے ہیں۔ ایران کو گروپ جی میں شامل کیا گیا ہے۔

روم: اٹلی کی لیزا پیکاٹو Italico Foro میں بین الاقوامی D'Italia BNL کے دوسرے دن کے دوران اٹلی کی Tyra Grant Caterina کے خلاف بیک ہینڈ کھیل رہی ہیں

سابق بھارتی فاسٹ بولر سلیل انکولا ڈپریشن کے باعث ہسپتال میں داخل

یل انکولا 2024ء سے والدہ کے انتقال کے بعد اپ سیٹ ہیں، بریک ڈاؤن کے بعد پُرسکون جگہ پر علاج کرانے کا فیصلہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق فاسٹ بولر سلیل انکولا کو ڈپریشن کے باعث اسپتال میں داخل کرلیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 58 سالہ سلیل انکولا کا مینٹل ہیلتھ کیئر سینٹر میں علاج جاری ہے، وہ شدید ڈپریشن کا شکار ہیں اور ان کا پونے کے قریب سینٹر میں ری ہیب ہو رہا ہے۔ سابق بھارتی فاسٹ بولر کی اہلیہ ریا انکولا کے مطابق سلیل انکولا 2024ء سے والدہ کے انتقال کے بعد اپ سیٹ ہیں، حال ہی میں اکثر طبیعت خراب ہونے اور بریک ڈاؤن کے بعد پُرسکون جگہ پر علاج کرانے کا فیصلہ کیا۔ ریا انکولا نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ انہوں نے علاج کا فیصلہ کیا، ری ہیب سے بہتری آرہی ہے، کرکٹ فیملی بھی بریک لینے پر سلیل انکولا کو سپورٹ کر رہی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 58 سالہ سلیل انکولا نے واحد ٹیسٹ 1989ء میں کراچی میں پاکستان کے خلاف کھیلا تھا۔ بھارت کے سچن ٹنڈولکر اور پاکستان کے وقار یونس نے بھی اسی ٹیسٹ میں ڈیبیو کیا تھا۔ سلیل انکولا نے 20 ون ڈے میچز میں بھی بھارت کی نمائندگی کی اور انہوں نے 1997ء میں ٹھوڑی کے ٹیومر کی وجہ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ سلیل انکولا نے فلموں اور ٹی وی سیریلز میں اداکاری بھی کی ہے۔ یل انکولا 2024ء سے والدہ کے انتقال کے بعد اپ سیٹ ہیں، بریک ڈاؤن کے بعد پُرسکون جگہ پر علاج کرانے کا فیصلہ۔ یل انکولا 2024ء سے والدہ کے انتقال کے بعد اپ سیٹ ہیں، بریک ڈاؤن کے بعد پُرسکون جگہ پر علاج کرانے کا فیصلہ

فیفا ورلڈ کپ کے لیے عالمی تنظیم نے ایران کو بڑی پیشکش کردی

ورلڈ کپ میں شرکت سے متعلق بات چیت کے لیے اپنے ہیڈ کوارٹرز میں مدعو کیا ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکا سمیت تین ممالک کی مشترکہ میزبان میں اگلے ماہ شروع ہونے والے فیفا ورلڈ کپ کے لیے عالمی تنظیم نے ایران کو بڑی پیشکش کردی۔ دنیا کے سب سے مقبول کھیل فٹبال کا عالمی کپ اگلے ماہ سے 11 جون سے امریکا، میکسیکو اور کینیڈا کی مشترکہ میزبانی میں شروع ہو رہا ہے، تاہم مشرق وسطی کی صورتحال اور ایران کے بائیکاٹ کے اعلان کی وجہ سے میگا ایونٹ سے قبل روایتی جوش وخروش کا فقدان ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فیفا نے عالمی کپ میں ایران کی عدم شرکت کے تنازع کا حل نکالنے کے لے ایرانی فٹ بال فیڈریشن (ایف ایف آئی آر آئی) کو اس سال کے ورلڈ کپ میں شرکت سے متعلق بات چیت کے لیے اپنے ہیڈ کوارٹرز میں مدعو کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ فیفا نے ایف ایف آئی آر آئی سے کہا کہ وہ ورلڈ کپ کی تیاری کے لیے 20 مئی تک اس کے زیورخ مرکز کا دورہ کرے۔ گذشتہ ہفتے فیفا کے صدر گیانی انفینٹینو نے اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ ایران اپنے ورلڈ کپ میچز مقررہ تاریخوں کے مطابق امریکا میں کھیلے گا۔ انفینٹینو نے وینکوور میں فیفا کانگریس میں مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں بالکل تصدیق کرتا ہوں کہ یقیناً ایران فیفا ورلڈ کپ 2026 میں شرکت کرے گا۔ اور یقیناً ایران امریکا میں کھیلے گا۔ واضح رہے کہ ایران گروپ جی میں نیوزی لینڈ، بیلجیم اور مصر کے ساتھ ہے۔

لیجنڈری کھلاڑی لی ہاف پینی کا پیشہ ورانہ رگبی سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

مانچسٹر (این این آئی) ویلز رگبی کے لیجنڈری کھلاڑی لی ہاف پینی نے پیشہ ورانہ رگبی سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مطابق 37 سالہ فل بیک لی ہاف پینی رواں سیزن کے اختتام پر اپنے تقریباً 20 سالہ شاندار کیریئر کو الوداع کہیں گے جس کا آغاز اور اختتام کارڈف رگبی کلب سے ہو رہا ہے۔ لی ہاف پینی نے ویلز کے لیے 101 بین الاقوامی میچز کھیلے اور تین مرتبہ برٹش اینڈ آئی رلینڈ لائنز کے دوروں پر اپنی ٹیم کی نمائندگی کی۔ ان کے کیریئر کا ایک یادگار لمحہ 2013 میں آسٹریلیا کے خلاف فتح تھی، جہاں انہیں پلیئر آف دی سیریز قرار دیا گیا تھا۔ انہوں نے اپنے طویل سفر کے دوران ٹولون، سکارلیٹس اور ہیمپ سٹیڈ جیسے نامور کلبوں کی جانب سے بھی اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ کارڈف رگبی کے صدر سر گیرتھ ایڈورڈز نے ہاف پینی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ بلاشبہ کھیل کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں سے ایک کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔ وہ نہ صرف میدان میں ایک بہترین کھلاڑی تھے بلکہ میدان سے باہر بھی اپنی عاجزی اور خوش اخلاقی کی وجہ سے سب کے پسندیدہ رہے ہیں۔

بایاں انگوٹھا ٹوٹ گیا اور وکٹ کیپنگ کے دوران ایک گیند سے چہرے پر لگ گئی

آسٹریلوی وکٹ کیپر بلے باز فل ایمری بدقسمت کرکٹر، انٹرنیشنل کیریئر صرف سات دن میں ختم ہو گیا، پاکستان کیخلاف واحد ٹیسٹ میچ کھیلا

سڈنی (این این آئی) کرکٹ میں کھلاڑی اپنے کھیل سے کئی سالوں تک میدان میں جگمگاتے ہیں مگر ایک بدقسمت کرکٹر ایسا بھی ہے جس کا انٹرنیشنل کیریئر صرف سات دن میں ختم ہو گیا، کھلاڑی کسی بھی ملک کا ہو، اس کا خواب ہوتا ہے کہ وہ عالمی سطح پر اپنے ملک کی نمائندگی کرے اور اپنا و ملک کا نام روشن کرے، کچھ کھلاڑی اس میں ناکام رہتے ہیں اور اکثر 15 سے 20 سال تک کھیل کے میدان میں راج کرتے رہتے ہیں۔ کرکٹ کا کھیل ایسا ہے، جس میں کھلاڑی 15 سال تک بھی با آسانی کھیل سکتے ہیں جبکہ بعض کھلاڑی تو 20 سے 22 سال تک انٹرنیشنل کرکٹ کھیل گئے تاہم کرکٹ کی دنیا میں ایک ایسا بدقسمت کھلاڑی ہے، جس کا انٹرنیشنل کیریئر صرف سات دنوں پر محیط ہے اور اس کا تعلق آسٹریلیا سے ہے۔ آسٹریلوی وکٹ کیپر بلے باز فل ایمری جنہیں 1994 میں لینکز روز کے ریکولر وکٹ کیپر بیٹر ایان ہیلی کے ان فٹ ہونے کے باعث ملک کی نمائندگی کا موقع ملا۔ آسٹریلوی ٹیم کے 1994 میں دورہ پاکستان کے دوران وکٹ کیپر ایان ہیلی کی انگلی ٹوٹ گئی اور آسٹریلیا نے فل ایمری کو فوری کراچی طلب کیا۔ انہیں پاکستان کے خلاف ون ڈے میچ کے لیے پلیئنگ الیون میں شامل کیا گیا تھا۔ دو دن بعد، انہوں نے اپنا ٹیسٹ ڈیبیو کیا۔ انہوں نے پاکستان کے خلاف یکم سے 5 نومبر کے درمیان کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں بطور وکٹ کیپر بلے باز کھیلا تاہم یہ میچ ان کے بین الاقوامی کیریئر کا آخری میچ ثابت ہوا۔ بدقسمتی سے اس واحد ٹیسٹ میچ کے دوران، ایمری کا بایاں انگوٹھا ٹوٹ گیا اور وکٹ کیپنگ کے دوران ایک گیند سے چہرے پر لگ گئی۔

GCCrushers کے Bryson DeChambeau کلب ڈی گالف Chapultepec میں LIV گالف میکسیکو سٹی سے پہلے 17 ویں ٹی سے اپنا شاٹ کھیل رہے ہیں

سرفراز احمد کے لیے جیت سب سے پہلے ہے اور وہ کوچ ضروری ہیں، خرم منظور

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر خرم منظور نے کہا ہے کہ سرفراز احمد کے لیے جیت سب سے پہلے ہے اور وہ بطور کوچ ٹیم کے لیے ضروری بھی ہیں۔ ایک انٹرویو میں خرم منظور نے کہا کہ سرفراز احمد کو کوچ بننے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، ان کے ساتھ میں نے کافی کرکٹ کھیلی، ان کے لیے جیت سب سے پہلے ہے، ان کے لیے وہ معنی نہیں رکھتا ہے کہ کون ٹیم میں ہے یا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز کوچ بنے ہیں تو کچھ نہ کچھ مائنڈ سیٹ تبدیل ہوگا۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ اسکواڈ بہتر ہوسکتا تھا، علی عثمان کو شامل کرنا چاہیے تھا، ان کی تین سال کی ڈومیسٹک کی پرفارمنس بہترین ہے، لمبے اسپیل کرسکتے ہیں، بیٹنگ بھی کرلیتے ہیں

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام معرکہ حق گیمز 2026 کے افتتاحی روز نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں ہاکی میچ کا منظر

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

اے سی پسرور کی زیر قیادت پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی کا انعقاد

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اقوام پاکستان دنیا میں مثالی عورت ودفاکا بہترین نمونہ ہیں۔ شاہد شرافت۔۔۔۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور رضا شرافت نے زیر قیادت "معرکہ حق" کے سٹیج میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک پرجوش ریلی کا انعقاد کیا۔ ریلی میں طلبہ، اساتذہ، مختلف سرکاری محکموں کے افسران و اہلکاروں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے بھرپور عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہے۔ ریلی کے اختتام پر ملکی سلامتی، امن و استحکام اور قومی یکجہتی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کے ایک سال کی تکمیل قومی عزم، عسکری صلاحیت اور عوامی یکجہتی کی روشن مثال ہے: ضیغم حسن رشید

شکر گڑھ (نامہ نگار) شکر گڑھ کی نگار شخصیت معروف سیاسی و سماجی شخصیت ضیغم حسن رشید چیئرمین ڈسٹرکٹ کوآپریٹو بینک نے اس موقعہ پر خود کہا ہے کہ آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کے ایک سال کی تکمیل قومی عزم، عسکری صلاحیت اور عوامی یکجہتی کی روشن مثال ہے۔ اس آپریشن نے دشمن کو بھی دنیا کے سامنے اجاگر کیا۔ 10 مئی 2025ء کو شروع ہونے والا یہ تاریخی آپریشن پاک افواج کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پوری قوم نے اس دوران اپنی مسلح افواج کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور ہر مشکل گھڑی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہی، افواج پاکستان نے دشمن کو بھرپور جواب دے کر یہ ثابت کیا کہ ملکی دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ اس کامیابی کے پیچھے شہداء کی عظیم قربانیاں شامل ہیں جنہیں قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ پاکستان کو سرحد پار کٹر دشمنوں کی جن سازشوں کا سامنا ہے اس سے نمٹنے کیلئے یکجہتی قوم میں مضبوط ہونا ہوگا تاکہ ہمارا دشمن ہمارے اتحاد اور اسلحہ کو ہلا نہ سکے۔ پوری قوم کے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر اجتماعی سوچ کو فوقیت دینا ہوگی تاکہ ملک دشمن قوتوں کی سازشوں کا ناکام بنایا جاسکے، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں وفاق اور پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن سے عوام بھرپور استفادہ کر رہے ہیں عوام آگاہ ہے کہ اس نے درست قیادت کا انتخاب کیا ہے جو ترقی وخوشحالی کی

عوامی شکایات کے ازالے کا احساس اقدام، ریونیو معاملات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے ڈی سی آفس کے لان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام رباني/ آفت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر عوامی شکایات کے ازالے کا احساس اقدام، ریونیو معاملات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے ڈی سی آفس کے لان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر مزارا چیل بیگ سمیت ریونیو افسران اور فیلڈ سٹاف نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ شہریوں نے ریونیو، فرد، انتقال اور دیگر ریونیو امور سے متعلق مسائل پیش کیے۔ ایڈیشن ڈپٹی کمشنر ریونیو نے سائلین کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے ڈی سی آفس کے احکامات دیے اور سائلین کی درخواستیں پر فوری عملدرآمد کے احکامات دیے۔ ایڈیشن ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد محسن وسطرہ نے کہا کہ بروز آفت ریونیو کے احکامات کے مطابق عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ عوامی ریلیف کے لیے شفاف انداز میں کام کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ یہ عوامی شکایات کا مرکز ازالہ ثابت بنایا جائے گا۔ سائلین کو درپیش مسائل میرٹ پر فوری حل کیے جائیں۔

سالانہ عرس مبارک بابا عنایت سلسلہ صوفی نقیب اللہ شاہ، سجادہ نشین پیر نقیب اللہ شاہ سید محمد مظہر اللہ شاہ سلسلہ نقیبیہ قادریہ سہروردیہ نے شرکت کی

کنگرہ موڑ (طاف طوی) سالانہ عرس مبارک بابا عنایت سلسلہ صوفی نقیب اللہ شاہ محمد شاہ قادری نے اپنے مخصوص انداز میں نعت خوانی اور آخر میں محفل سماع میں ملک کے مشہور قوال نے اپنے ایک مخصوص انداز قوالی کی پیش کی اور محفل کے اختتام میں مشہور اللہ شاہ صاحب نے ملک پاکستان اور امت مسلمہ اور حاضرین محفل کیلئے خصوصی دعا کی گئی

سید عبیب اللہ شاہ، سجادہ نشین پیر نقیب اللہ شاہ سید محمد مظہر اللہ شاہ سلسلہ نقیبیہ قادریہ سہروردیہ نے شرکت کی۔

گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال شاہدرہ میں ہیمیلیسیمیا ڈے نہایت جوش وخروش اور محبت کے ساتھ منایا گیا



فیروز والا (بلال گڑھی نورمحمد) گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال شاہدرہ میں ہیمیلیسیمیا ڈے نہایت جوش و خروش اور محبت کے ساتھ منایا گیا۔ اس تقریب کا مقصد ہیمیلیسیمیا سے متاثر بچوں میں خوشیاں بانٹنا اور عوام میں اس مرض کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا تھا تقریب میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عدنان نیاز، ایسوسیٹ پیڈیاٹرکس ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رفعت عمر، سینئر رجسٹرار پیڈیاٹرکس ڈاکٹر معاذ، ایم ایس ڈاکٹر عابد وڑائچ، ایم ایس ڈاکٹر عمیر، ایم ایس اور پی ڈی ڈاکٹر عبید گیلانی اور ڈاکٹر جوت نے شرکت کی زنگ سپرنٹنڈنٹ میونسپل کمیٹی شاہدرہ رضاء اور سسٹر لبنیٰ بھی اس موقع پر موجود تھیں تقریب کے دوران ہیمیلیسیمیا سے متاثر بچوں کے لیے کیک کاٹا گیا تحائف تقسیم کیے گئے اور بچوں کے ساتھ خوشگوار وقت گزارا گیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ ہیمیلیسیمیا کے مرض سے بچاؤ کے لیے بروقت تشخیص اور عوامی شعور انتہائی ضروری ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹروں، زنگ انٹاف اور انتظامیہ نے ہیمیلیسیمیا کے مریض بچوں کی بہترین نگہداشت اور علاج کے عزم کا اعادہ کیا۔

معرکہ حق بنیان مرصوص ہماری بہادری اور جرات کی یاد دلاتا ہے میڈم مطلعت یاسمین

پاک فوج نے تین کنارہ بھارتی فوج کو عبرت ناک شکست سے دوچار کیا: رانا فیصل

سالکوٹ (سمیل رپورٹر) رانا کرم حمید) معروف مہاور تقیم گورنمنٹ بوائز ہیگیٹ کالج کوٹ سالکوٹ کے سالانہ پیل کیمپ کالج سالکوٹ کے پرنسپل رانا فیصل نے کہا کہ معرکہ حق تنیان مرصوص ہماری بہادری اور جرات کی یاد دلاتا ہے بھارت نے اپنا بک پاکستان پر حملہ کیا تھا پاک فوج نے قوت اور بہادری سے بھارت کو عبرت ناک شکست سے دوچار کر دیا پاکستان کی افواج پاک فوج کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی تھی انہوں نے کہا کہ جب ملک پر کوئی مشکل وقت آتا ہے تو پاکستان کی افواج کا ہر فرد اپنی قربانی دینے سے بھی دریغ نہ کرتا یہ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فوج نے تمیدقومی سلامتی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کیا

عمل اقدامات کا سلسلہ جاری

پھیٹوت (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل کل کرنے کے لیے فی کلاسی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی سی اوڈا کنڑ ڈیپ ساحب نے ڈی سی اوڈا کنڑ ڈیپ ساحب نے ڈی سی اوڈا کنڑ ڈیپ ساحب نے

''قوت'' کا اسپیشل ایڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ 1 — بقیہ جات

ہے، اس پر کنفیوژ نہیں کروں گا، ہم پرامید ہیں کہ دونوں پارٹیوں کے درمیان معاملہ حل ہوگا، یہ نہیں جانتا کہ معاہدہ ایک صفحے کا ہوگا یا زیادہ صفحات کا، معاہدے کے لیے پرامید ہیں۔ دفتر خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا کہ انٹرنیشنل کمیونٹی کو جنوبی ایشیاء میں امن اور سلامتی پر تشویش ہے، پاکستان کا ایک قطرہ پانی کوئی چوری نہیں کرسکتا، سندھ طاس معاہدہ سے متعلق تمام آپشنز زیر غور ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ ہم دریاؤں کی صورتحال کا مشاہدہ کررہے ہیں، دفتر خارجہ سمیت انڈس واٹر کمشنر اور دیگر حکام اس کو دیکھ رہے ہیں۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ پاک افغان بارڈر کے دونوں جانب عوام امن چاہتے ہیں، پاکستان اور افغانستان کے عوام کے درمیان کوئی تنازع نہیں ہے، ہمارا مذہب ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان رجیم کے تحت افغان سرزمین سے ہونے والے دہشت گردی معاملات خراب کررہی ہے، ہمیں بارڈر بندش سمیت دیگر اثرات کے بجائے جڑ دہشت گردی کو دیکھنا ہوگا، دہشت گردی ختم ہو جائے باقی چیزیں خود سیٹل ہو جائیں گی۔

بقیہ 2 — بقیہ جات

دارہ بیرون ملک چینی جنگی طیارے فروخت کرتا ہے۔ اخبار کے مطابق حکومت چین نے J-35AE ایکسپورٹ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور پہلا ممکنہ خریدار پاکستان ہوگا جو اپنا 80 فیصد اسلحہ چین سے خریدتا ہے۔ اگر یہ فقعہ جنریشن اسٹیلتھ طیارہ پاکستان کو مل گیا تو نہ صرف قومی دفاع مضبوط ہوگا بلکہ وہ یہ صلاحیت حاصل کرلے گا کہ اس میں نصب جدید ترین آلات کی مدد سے بھارتی ریڈار جام کرسکے اور دشمن کی دور واقع اہم عسکری تنصیبات J-35AE کے کارگر میزائلوں کی بدولت تباہ کرسکے۔ پاک فضائیہ میں اس طیارے کی شمولیت قومی دفاع مستحکم بنا کر پاک چین دوستی و شراکت کی تاریخ میں نیا باب رقم کرے

بقیہ 3 — بقیہ جات

بیروت پر حملہ کیا۔ رپورٹس کے مطابق یہ فضائی حملہ بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے داحیہ پر کیا گیا، جہاں حزب اللہ کا مرکز واقع ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں تصاویر میں بڑے پیمانے پر آگ اور کم از کم ایک عمارت کو شدید نقصان دکھایا گیا۔ اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو نے ایک بیان میں کہا کہ انہوں نے خود اس حملے کی منظوری دی تھی، جس کا ہدف حزب اللہ کی ایلیٹ رضوان فورس کا ایک کمانڈر تھا۔ اس کے علاوہ اسرائیلی جنگی طیاروں نے جنوبی لبنان کے شہر سکسکیہ پر بمباری کی جس میں 5 افراد شہید اور 15 زخمی

بقیہ 4 — بقیہ جات

جانبدار تحقیقات کی پیشکش کی، بھارت نے پاکستان کی پیشکش کے باوجود جارحیت کی، پاک فضائیہ نے بھارتی جارحیت کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا، بھارت کے ائیر ڈیفنس سسٹم کو شدید نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست دینے میں اہم کردار ادا کیا، قومی دفاع میں پاک فضائیہ کا کردار تاریخی ہے، سری نگر سے بھٹنڈا تک پاک فضائیہ نے دشمن کو سبق سکھایا، پاکستان کے سائبر شاہینوں نے دشمن کی سائبر سیکورٹی کو تباہ کردیا، بھارتی فضائیہ کو عبرتناک اور تذلیل سے بھرپور شکست دی۔ ائیر چیف مارشل نے کہا کہ پاک فضائیہ اپنی فضائی سرحدوں کی محافظ ہے، پاک فضائیہ نے دنیا کے سرفہرست لڑاکا طیاروں کو خاک میں ملا دیا، دشمن کی تمام تنصیبات پاک فضائیہ کے نشانے پر تھیں، ایس 400 ائیر ڈیفنس سسٹم کو لمحوں میں تباہ کردیا، بنیان مرصوص میں پاکستان نے بہترین ڈرون صلاحیت کا مظاہرہ کیا، پاکستان نے فضائیہ، الیکٹرانک اور سائبر وارفیئر میں دشمن کو دھول چٹائی۔ سربراہ پاک فضائیہ ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا کہ تھا پاک فضائیہ نے ریکارڈ وقت میں دشمن کی تنصیبات کو تباہ کیا، ہر جوان نے معرکہ حق میں بہترین صلاحیت کا مظاہرہ کیا، ہماری قومی قیادت کی وجہ سے یہ کامیابیاں سمیٹنے کا موقع ملا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بہترین قیادت نے کامیابی میں اہم کردار کیا، پاک فضائیہ ہمیشہ قوم کی توقعات پر پورا اترے گی۔

بقیہ 5 — بقیہ جات

جہاں ہونہار بچے مفت تعلیم حاصل کررہے ہیں، گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ شمسی توانائی کا منصوبہ آئندہ سال مکمل ہوجائیگا، میرٹ پر لیپ ٹاپس کی فراہمی سے نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوں گے، پاکستان نے امریکہ ایران جنگ رکوانے اور خطے میں امن کیلئے جو کردار ادا کیا تاریخ اسے یاد رکھے گی، قیام پاکستان کے بعد سے آج وہ موقع آیا ہے خبر سے کراچی تک پوری قوم متحد ہے۔ وہ جمعرات کو یہاں شمسی توانائی کے منصوبوں، دانش سکولوں کے سنگ بنیاد، سیف سٹی گلگت اور سیف سٹی سکردو کے افتتاح، مفت سولر پینلز کی تقسیم، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت طلبا میں لیپ ٹاپس کی تقسیم اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت کاروباری اور زرعی قرضوں کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا انجینئر امیر مقام، عطاء اللہ تارڑ، اویس لغاری، عبدالعلیم خان، گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ اور گلگت بلتستان کے مشیر رانا ثناء اللہ، وزیراعظم کے مشیر رانا مشہود احمد خان، بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج انہیں ایک بار پھر گلگت بلتستان آ کر خوشی محسوس ہو رہی ہے، یہ نہ صرف خوبصورت علاقہ بلکہ قابل محنتی اور ہونہار طلبا و طالبات کا خطہ ہے جو پاکستان کا فخر ہیں۔ انہوں نے محنت سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کے والدین اور اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ طلبا میں لیپ ٹاپس کی تقسیم نہ صرف ان کی تعلیمی قابلیت کا اعتراف ہے بلکہ اس کے ذریعے وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 1997ء میں جب مجھے میرے قائد محمد نواز شریف اور میری جماعت مسلم لیگ (ن) نے پنجاب کا خادم اعلیٰ مقرر کیا تب سے آج تک میں نے میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا اور اس وقت میرٹ کو سکہ رائج الوقت بنایا جب کوئی اس تصور سے آشنا نہیں تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی ترقی کیلئے محنت، امانت اور دیانت کو اپنا شعار بنانا ہوگا، اچھی سن کے معیار کی تعلیم دانش سکولوں میں فراہم کی جارہی ہے، مجھ پر بڑی تنقید ہوئی کہ سرکاری سکولوں کو ٹھیک کرنے کی بجائے دانش سکولوں پر پیسہ خرچ کیا جارہا ہے لیکن آج ہزاروں طلبا و طالبات ان سکولوں سے پڑھ کر ڈاکٹرز، انجینئرز بن چکے اور غیر ملکی یونیورسٹیوں میں بھی اعلیٰ تعلیم حاصل کررہے ہیں، اگر امرا کے بچے اچھی سن میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکتے ہیں تو ہونہار طلبا و طالبات کو مفت تعلیم کے مواقع کیوں نہیں مل سکتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کے چاروں دانش سکولوں کی طالبات کیلئے نہ صرف تعلیم مفت ہوگی بلکہ کتابیں، یونیفارم، کھانا بھی مفت فراہم کیا جائیگا اور سمارٹ بورڈز، ای-لائبریری سمیت جدید تعلیمی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت نے اقتدار میں آتے ہی گلگت بلتستان میں شمسی توانائی کے منصوبے پر کام شروع کیا، 100 میگاواٹ کا منصوبہ آئندہ سال مکمل ہوگا، شفاف اور ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے ذریعے 15 ہزار گھرانوں میں مفت سولر پینلز تقسیم کئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سب کا سانجھا ہے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ترقی کے عمل میں سب کو ساتھ لے کر چلنا ہوگا، اس کیلئے جو بھی وسائل میسر ہوئے عوام کے قدموں پر نچھاور کریں گے۔ وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے مابین جنگ بندی کیلئے پاکستان کے کلیدی کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے بھائی اور ہمسائے کی حیثیت سے خطے میں امن کیلئے جو کردار ادا کیا تاریخ اسے بیان کرے گی، پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت دن رات امریکا اور ایران سے رابطہ میں رہی اور جنگ بندی کرائی۔ انہوں نے دیرپا جنگ بندی اور امن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد آج 78 سال بعد یہ موقع آیا ہے کہ خیبر سے کراچی تک خطے میں امن اور جانیں بچانے کیلئے پوری قوم متحد ہے۔ وزیراعظم نے جنگ بندی اور امن کیلئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تاریخ انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی۔ قبل ازیں وزیراعظم نے ہونہار طلباء و طالبات میں لیپ ٹاپس اور بزنس اور یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں میں چیک تقسیم کئے۔ وزیراعظم نے سلطان آباد، گانچھے، استور سمیت گلگت بلتستان میں چار دانش سکولوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے سیف سٹی گلگت اور سیف سٹی سکردو اور شمسی توانائی کے منصوبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ اس موقع پر وزیراعظم کو گلگت بلتستان کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ غریب ترین بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے، اساتذہ کا انتخاب مقامی سطح پر اور 100 فیصد میرٹ پر کیا جائے، لڑکے اور لڑکیوں کیلئے الگ الگ سکول بنائے جائیں جہاں سمارٹ بورڈز، لیپ ٹاپس، ای-لائبریریز کے علاوہ سپورٹس کی جدید سہولیات بھی فراہم کی جائیں، یہ پاکستان کی بہترین تعلیم گاہیں ہونی چاہئیں۔ وزیراعظم نے سیف سٹی منصوبوں کا معیار بھی پنجاب کی طرز پر یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ سیف سٹی منصوبوں کے تحت 385 جدید ترین کیمرے نصب کئے جائیں گے۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ گلگت بلتستان کو بڑے تحفے دیئے ہیں، دانش سکولز جن کا آغاز پنجاب سے شہباز شریف نے کیا تھا آج پورے پاکستان میں کھل رہے ہیں جہاں غریب بچے اچھی سن کے معیار کی تعلیم مفت حاصل کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ خدمت اور میرٹ کی سیاست کی ہے۔ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا کہ جب نواز شریف وزیراعظم تھے تو وہ بھی گلگت بلتستان کیلئے بڑے منصوبے لے کر آتے تھے، آج شہباز شریف بھی بڑے تر قیاتی منصوبے لے کر آئے ہیں۔ وفاقی وزیر بجلی اویس لغاری نے کہا کہ 32 ارب روپے کی لاگت سے قابل تجدید و شمسی توانائی منصوبے سے 13 لاکھ لوگ مستفید ہوں گے، ہر ضلع کو اس کی آبادی کے تناسب سے منصوبے میں شامل کیا گیا ہے اور بیٹری سسٹم کی تنصیب بھی اس منصوبے کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کیلئے چین سے برآمدات پر اربوں روپے کی ٹیکس چھوٹ بھی حکومت کا علاقہ کے عوام کیلئے بہت بڑا تحفہ ہے۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے تینوں ڈویژنز میں 82 میگاواٹ کے سولر پارکس بنائے جائیں گے جبکہ سولر پینلز کی تقسیم کیلئے 50 ہزار درخواستوں میں سے 15 ہزار کا میرٹ پر انتخاب کیا گیا ہے۔ سلطان آباد، یونچی، گانچھے اور سکردو میں چار دانش سکول تعمیر کئے جارہے ہیں، سکردو میں دانش سکول کے کام کا آغاز 21 اپریل کو ہو چکا ہے جبکہ یونچی اور گانچھے میں تقریباً 50 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، سیف سٹی کا منصوبہ بھی شہباز شریف کا وژن تھا جو انہوں نے پنجاب میں بطور وزیراعلیٰ شروع کیا تھا، اب گلگت بلتستان میں بھی اسی معیار کا سیف سٹی ہوگا۔ تقریب میں ہونہار طلبا و طالبات کے اعزاز میں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔

بقیہ 6 — بقیہ جات

بیج ٹیرف 6 فیصد سے کم رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق یکم جولائی سے نئے بجٹ اور نئی آٹو پالیسی میں مقامی آٹو انڈسٹری کے فروغ کیلئے تجاویز پیش کی گئی ہیں، الیکٹرک وہیکل پالیسی کا دائرہ تمام نیو انرجی وہیکلز تک بڑھانے کی تجویز ہے۔ ای وی، پلگ ان ہائبرڈ اور فیول سیل وہیکلز کو بھی رعایتی ٹیرف میں شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے، نیشنل ٹیرف پالیسی کے تحت اضافی کسٹمز ڈیوٹی ختم اور ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کی تجویز ہے، مقامی اسمبل ای وی گاڑیوں کو درآمدی اور مکمل تیار گاڑیوں پر ترجیحی تحفظ دینے کی تجویز پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مقامی طور پر تیار گاڑیوں کیلئے نیشنل ایورج ٹیرف 6 فیصد سے کم رکھنے کی تجویز ہے، سی کے ڈی پارٹس پر مجوزہ رعایتی کسٹمز ڈیوٹی 30 جون 2028 تک نافذ رکھنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے آٹو سیکٹر مراعات کو مرحلہ وار نارمل رجیم میں منتقل کرنے کی تجویز بھی دی گئی

بقیہ 7 — بقیہ جات

بدھ کے روز خلیج عمان میں ایران کے ایک بحری آئل ٹینکر پر اس وقت فائرنگ کی جب اس نے ایرانی بندرگاہوں پر امریکہ کی جانب سے عائد کردہ محاصرے کو توڑنے کی کوشش کی۔ یہ حملہ ایک ایسے وقت میں ہوا ہے جب ایران اور امریکہ سرکاری طور پر جنگ بندی کے مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے کسی ابتدائی معاہدے تک پہنچنے کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹ کام نے اپنے بیان میں ذکر کیا ہے کہ امریکی افواج نے ایران کی بندرگاہ کی طرف جانے والے ٹینکر حسنا کوئی انتباہات جاری کیے اور اسے مطلع کیا کہ وہ محاصرے کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ کمانڈ کی جانب سے ایکس پلیٹ فارم پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خلیج عمان میں کام کرنے والی امریکی افواج نے ایرانی پرچم بردار آئل ٹینکر کو روکنے کے لیے جبری اقدامات کیے جو آج 6 مئی کو ایرانی بندرگاہ کی طرف جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ٹینکر حسنا کے عملے کی جانب سے متعدد انتباہات پر عمل کرنے سے انکار کے بعد، طیارہ بردار بحری جہاز ابراہام لنکن سے اڑنے والے ایف/اے 18- سپر ہارنیٹ 'لڑاکا طیارے نے 20 ملی میٹر کی توپ سے فائرنگ کرکے ٹینکر کا رہنمائی کا نظام (اسٹیئرنگ ڈیوائس) ناکارہ بنا دیا۔ اس کے نتیجے میں 'حسنا ' کی ایران کی جانب پیش قدمی رک

بقیہ 8 — بقیہ جات

بینچ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستوں پر 12 مئی کو سماعت کرے گا۔ جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں عدالت عظمیٰ کا 3 رکنی بینچ اس کیس کی سماعت کرے گا۔ بینچ میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شفیع صدیقی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ نے ہائیکورٹ کے عبوری حکم نامے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔

بقیہ 9 — بقیہ جات

کئی حلقوں نے سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ دوسری جانب اس واقعے کے بعد اسرائیلی فوج نے بھی تحقیقات شروع کردیں۔ تصویر میں ایک اسرائیلی فوجی کو دکھایا گیا ہے، جو ایک جنوبی لبنانی گاؤں میں خود سگریٹ پی رہا ہے جبکہ دوسرے سگریٹ کو حضرت مریم کے مجسمے کے منہ میں رکھا ہوا ہے۔ یہ اس نوعیت کا تیسرا واقعہ بتایا جا رہا ہے۔ اس معاملے کے بعد اسرائیلی فوج نے ویڈیو اور تصویر کی جانچ شروع کردی ہے، جو گزشتہ چند گھنٹوں میں بڑے پیمانے پر پھیل

بقیہ 10 — بقیہ جات

خارج کردیں جبکہ سیکشن 7E کے تحت ایف بی آر کے اٹھائے گئے تمام اقدامات بھی کالعدم قرار دے دیئے گئے۔ سیکشن 7E کے تحت ایسے پلاٹس پر بھی ٹیکس عائد کیا گیا تھا جو زیر استعمال نہیں تھے۔ پشاور، بلوچستان اور اسلام آباد ہائی کورٹس نے سیکشن 7E کو کالعدم قرار دیا تھا جبکہ اسلام آباد اور لاہور ہائی کورٹس نے سیکشن 7E کو آئین کے مطابق قرار دیا تھا۔ آئینی عدالت نے اسلام آباد اور لاہور ہائی کورٹس کے فیصلوں کے خلاف شہریوں کی اپیلیں منظور کرلیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے سیکشن 7E سے متعلق کیس کا فیصلہ 30 اپریل کو محفوظ کیا تھا۔ عدالتی فیصلے سے رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو براہ راست فائدہ پہنچے گا، چیف جسٹس آئینی عدالت امین الدین خان نے مختصر فیصلہ پڑھ کر سنایا۔

بقیہ 11 — بقیہ جات

بہت آسان ہے بس ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار نہ ہوں، ایران کی فضائیہ اور نیوی کو تباہ کردیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے میزائل اور ریڈار ختم کر دیئے ہیں، ایران کے رہنما مارے جا چکے، ہم جیت چکے ہیں، ہم ایران سے وہ حاصل کریں گے جو چاہئے، گزشتہ 24 گھنٹے میں ایران کے ساتھ مثبت بات چیت ہوئی۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ اب یہ ممکن ہے کہ ایران کے ساتھ ڈیل ہو جائے، پہلے بھی ایران کے ساتھ اچھی بات ہوئی تھی لیکن بعد میں وہ بھول گئے، ایران کی پہلے اور دوسرے لیول کی قیادت ماری جا چکی، یہ رجیم چینج ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بات بالکل سیدھی اور صاف ہے ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار نہیں ہو سکتے، ایران سے متعلق ہم اچھی پوزیشن میں ہیں، حالات ٹھیک ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ امریکی صدر یہ عندیہ بھی دیا کہ مذاکرات کے ذریعے حل نکالنے کے لئے امریکی میڈیا میں زیر گردش 30 دن کی مہلت کی رپورٹ قابل ترمیم ہے اور کبھی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہوتی۔ واضح رہے کہ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا تھا کہ امریکا کی جانب سے دی گئی تجاویز کا جائزہ لیا جارہا ہے تاکہ جنگ کے خاتمے کے لئے معاہدہ طے پاجائے۔ انہوں نے واضح کرتے ہوئے کہا تھا کہ سنجیدہ مذاکرات کے لئے ڈکٹیشن یا دھمکی کی دھمکیوں کے بجائے خلوص نیت ضروری ہوتی ہے تاہم جیسے ہی امریکی تجاویز پر اپنے حتمی رائے قائم ہوجائے گی تو اس حوالے سے پاکستان کو آگاہ کردیا جائے گا۔

بقیہ 12 — بقیہ جات

روز ایرانی عازمین کا پہلا قافلہ مکہ مکرمہ پہنچ گیا جن کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ حکام نے ایرانی عازمین کی آمد سے چند گھنٹے قبل تیاری مکمل کر لی، تمام ضروری خدمات اور لاجسٹک فراہم کیں تاکہ مکہ میں قیام کے دوران عازمین کے آرام اور تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ ایرانی عازمین کی ابتدائی پروازیں گزشتہ ہفتے مدینہ کے پرنس محمد بن عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچی تھیں۔ دنیا بھر سے عازمین حج کی سعودی عرب آمد کا سلسلہ 18 اپریل سے شروع ہوا تھا۔ ریاض میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے امید ظاہر کی کہ ایرانی عازمین آسانی سے مناسک ادا کریں گے اور بحفاظت وطن واپس جائیں گے۔ ایرانی سفارتخانہ ممکن مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے اور سعودی وزارت خارجہ کے ساتھ رابطے میں

بقیہ 13 — بقیہ جات

ہوگئے، جبکہ سیکڑوں افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق تشدد کے واقعات کے بعد ریاست بھر میں 200 سے زائد مقدمات درج کیے گئے اور 433 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ ہلاک ہونے والوں میں بھارتی وزیراعظم مودی کی جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایک سینئر رہنما کا معاون بھی شامل ہے۔ حالیہ انتخابات میں بی جے پی نے وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کی جماعت ترنمول کانگریس کو شکست دی، تاہم ممتا بنرجی نے استعفیٰ دینے سے انکار کرتے ہوئے الیکشن کمیشن پر بی جے پی کے ساتھ ملی بھگت کا الزام عائد کیا ہے۔ بی جے پی نے الزام لگایا ہے کہ اس کی جماعت کے کارکنوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، جبکہ ترنمول کانگریس نے تشدد کا ذمہ دار بی جے پی کے حمایت یافتہ شرپسندوں کو قرار دیا ہے۔ مغربی بنگال میں انتخابات کے بعد سیاسی تصادم کی تاریخ رہی ہے۔ 2021 کے انتخابات کے بعد بھی مختلف جماعتوں کے کارکنوں کے درمیان جھڑپوں میں درجنوں افراد ہلاک ہوئے

بقیہ 14 — بقیہ جات

ے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ انتظامی افسران کو فوری طور پر موقع پر پہنچنے کی ہدایت جاری کی ہے جبکہ امدادی کارروائیاں تیز کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ حکام کو ڈی جی خان ہسپتال میں ہنگامی حالت نافذ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ زخمی طلبہ کو فوری طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے واقعے کی مکمل اور فوری رپورٹ بھی طلب کرلی ہے اور انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حادثے کے اسباب کا تعین کرکے ذمہ داران کا تعین کیا جائے۔

بقیہ 15 — بقیہ جات

شخصیت ہیں اور امریکہ ایران سیز فائر میں ان کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی امریکی صدر نے کسی پاکستانی فوجی سربراہ کی میزبانی کی ہے، جو کہ سربراہِ مملکت نہیں تھا، صدر ٹرمپ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ایک غیر معمولی، بہادر اور عظیم جنگجو قرار دیا، ایران امریکہ مذاکرات میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ہی بطور ثالث بات چیت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ اہل پاکس کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اُن چند عالمی شخصیات میں شامل ہیں جو بیک وقت امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ مؤثر پیغام رسانی کی صلاحیت رکھتے ہیں، علاقائی اور بین الاقوامی پیچیدہ معاملات کو بہتر انداز میں سمجھتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اپنی قائدانہ صلاحیتوں اور پُر اثر شخصیت کے باعث دنیا بھر میں مرکز نگاہ بن چکے ہیں، مشرق وسطیٰ کو جنگ کی تباہی سے بچانے میں مارشل سید عاصم منیر کا انتہائی اہم کردار ہے، تاہم عسکری قیادت کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور امن کیلئے اقدامات کا عالمی سطح پر اعتراف اور پذیرائی پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے۔

بقیہ 16 — بقیہ جات

کر دیں۔ ملاقات میں صنعتی بحالی، برآمدات میں اضافہ، ٹیکس اصلاحات اور کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی پر خصوصی زور دیا گیا۔ وزیر خزانہ نے لاہور چیمبر کی تجاویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری معاشی پالیسی سازی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل ٹیکس پالیسی آفس ڈاکٹر نجیب احمد میمن کو ہدایت کی کہ چیمبر کی تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا جائے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ کے ذریعے مزید مؤثر بنایا جارہا ہے تاکہ انسانی مداخلت کم ہو اور ٹیکس دہندگان کو سہولت ملے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ چیمبر آف کامرس اور کاروباری برادری سے مشاورت کا عمل جاری رہے گا تاکہ معاشی پالیسی سازی میں تمام فریقوں کی شمولیت یقینی بنائی جا سکے۔ صدر لاہور چیمبر نے حکومت کے ساتھ مسلسل رابطے اور اعتماد سازی کے عمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات کاروباری ماحول کی بہتری، صنعتی ترقی اور معیشت کے استحکام کیلئے ضروری ہیں۔ چیمبر کی تجاویز میں کہا گیا کہ بار بار ایس آر او زکے اجرا اور مختلف تشریحات سے پالیسی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے، جس سے صنعتیں متاثر ہو رہی ہیں۔ کاروبار کی لاگت خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں 22 سے 30 فیصد زیادہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مزید تجاویز میں برآمدات کیلئے سادہ فائنل ٹیکس رجیم کی بحالی، فلسڈ ٹیکس نظام، ٹیکس ریفنڈز کی بروقت ادائیگی، یکساں ٹیرف نظام، ایڈوانس ٹیکسز میں مرحلہ وار کمی اور برآمدی سہولتوں میں بہتری کی سفارشات شامل ہیں۔ چیمبر نے آئی ٹی، ڈیجیٹل سروسز، ووکیشنل ٹریننگ، برآمدی ڈائیورسٹیفکیشن اور زرعی و ڈیری مصنوعات پر ٹیکس میں نرمی کی بھی سفارش کی ہے تاکہ معیشت کو پائیدار بنیادوں پر مستحکم کیا جا سکے۔

بقیہ 17 — بقیہ جات

1 جب تک آبنائے ہرمز بند رہے گی، تہران پر عائد کسی بھی بین الاقوامی پابندی کو ختم کرنا ممکن نہیں۔ انہوں نے فرانسیسی ریڈیو کو انٹرویو میں کہا کہ ایران یا کم از کم اس کا نظام اپنے جوہری پروگرام پر نرمی کے بدلے میں امریکہ سے پابندیوں میں کمی کا مطالبہ کررہا ہے، تاہم جب تک آبنائے ہرمز بند ہے کسی بھی قسم کی پابندیاں ختم کرنا ممکن نہیں۔ فرانسیسی وزیر خارجہ نے یہ بھی کہا کہ مشرق وسطیٰ اور قریبی مشرق میں پائیدار سیاسی حل اس وقت تک ممکن نہیں، جب تک ایران کا نظام بنیادی اور حقیقی نوعیت کی تبدیلی قبول نہ کرے، جس سے ایران اپنے خطے میں پرامن طریقے سے رہ سکے۔

بقیہ 18 — بقیہ جات

اسے اربوں ڈالر کے منجمد فنڈز اور پابندیوں میں نرمی دی جاتی۔ رپورٹ کے مطابق اس مجوزہ ڈیل میں امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس، خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر نے اہم کردار ادا کیا اور یہ فریم ورک صدارتی منظوری کے بعد تیار کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت ایران اپنے ہائی لیول افزودہ یورینیم کو منتقل کرنے پر آمادہ ہوتا جبکہ 12 سے 15 سال تک یورینیم افزودگی محدود رکھنے کی شرط بھی شامل تھی۔ اس کے بدلے ایران کو تقریباً 20 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں تک رسائی اور معاشی پابندیوں میں نرمی دی جاناتھی۔ جریدے کے مطابق ابتدائی طور پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس تجویز کو سیاسی طور پر حساس قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا تھا کیونکہ ایران کو بڑی مالی رعایت دینے کا تاثر امریکی سیاست میں شدید ردعمل پیدا کرسکتا

بقیہ 19 — بقیہ جات

مرصوص'' اور ''معرکہ حق'' ایمان، اتحاد اور قومی وقار کی عملی تصویر تھا۔ معرکہ حق میں پاکستان نے ثابت کیا کہ امن ہماری ترجیح ضرور ہے لیکن دفاع ہماری طاقت اور وقار ہماری پہچان ہے۔ اپنے شہداء کو سلام پیش کرتا ہوں، اپنے غازیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور اپنی قوم کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ ہم متحد ہیں، مضبوط ہیں اور ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ کسی بھی مہم جوئی کی صورت میں افواج پاکستان اور عوام کا جواب پہلے سے زیادہ طاقت، زیادہ اتحاد اور زیادہ عزم کے ساتھ دیا جائیگا۔ کشمیر کے بغیر پاکستان کا تصور ادھورا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں۔ کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حقِ خود ارادیت دیا جائے۔ آپریشن بنیان مرصوص اس بات کا عملی ثبوت تھا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے ہر حد تک جاسکتا ہے۔ پاکستان آرمی، فضائیہ اور بحریہ نے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا اور انتہائی مہارت کے ساتھ ان کے اہم اہداف کو نشانہ بنایا۔ یہ کامیابی محض عسکری نہیں بلکہ اخلاقی فتح بھی تھی، کیونکہ ہم نے ہمیشہ امن کو ترجیح دی ہے مگر اپنی عزت و وقار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم آزاد کشمیر نے معرکہ حق بنیان مرصوص کی پہلی سالگرہ کے موقع پر دارالحکومت مظفر آباد میں منعقدہ "یوم تشکر" کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا

سیلاب سے بچاؤ کیلئے تمام متعلقہ محکمہ جات ایک ہی پیج پر ہیں: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق کی زیرِ صدارت کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا اہم اجلاس منعقد

حکومت پنجاب اس حوالہ سے درست سمت میں اہم فیصلے لے رہی ہے، عوام کو مالی و جانی نقصانات سے بچانا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق کی زیرِ صدارت پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید و دیگر افسران نے شرکت کی۔ لاہور، فیصل آباد، گجرات، سرگودھا اور گجرانوالہ کی ڈویژنل کمشنرز صاحبان نے ویڈیو لنک (نقشہ نمبر 4 0) جبکہ 4 نشستوں پر کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے گئے، ترجمان دفتر صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کراچی (این این آئی) صوبہ سندھ کے 9 اتحادیات 117 مئی 2026 کو منعقد ہوا، اطلاع میں مختلف 19 خالی بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا 17 اضلاع میں 9 مختلف بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا اہم اجلاس منعقد

ضمنی بلدیاتی انتخابات 18 اضلاع کی 63 مختلف نشستوں پر ہونا تھے، تاہم 40 امیدوار بلامقابلہ منتخب ہو گئے منتخب ہو گئے جبکہ 4 نشستوں پر کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے گئے، ترجمان دفتر صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کے مطابق 18 اضلاع کی 63 مختلف نشستوں پر ہونا تھے، تاہم 40 امیدوار بلامقابلہ منتخب ہو گئے۔ اس طرح کُل مجموعی طور (نقشہ نمبر 42) 4 نشستوں پر کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے گئے۔

لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ستاخت کرنے میں پاکستانیوں کا کوئی ثانی نہیں: چوہدری محمد سرور

ہم وطنوں کو محرومیوں اور مہلک بیماریوں سے بچانا اور ان کا معیارِ زندگی بلند کرنا ہوگا

لاہور (خبرنگار) پنجاب کے سابق گورنر اور سرور فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت کے دوران ضمیر کا اطمینان بہت بڑا انعام ہے۔ انسانیت کی خدمت اور تعاون کے میدان میں پاکستانیوں کا کوئی ثانی نہیں۔ پاکستان کے عوام سال بھر مستحقین جبکہ زمینی و آسمانی آفات کی صورت میں معیشت زلزلوں کی مدد میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ نادار و بیمار انسان زکوٰۃ اور عطیات مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائیں۔ چائنا کے اعزازی قونصل جنرل سید فیروز عالم شاہ، ممبر منیجمنٹ کمیٹی یوتھ ریسپشن آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل ماسٹر لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مجلسِ دعا سے تعزیت کرتے ہوئے دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعزازی قونصل جنرل سید فیروز عالم شاہ سمیت ملک بھر کے ٹریڈ یونین رہنماؤں کو آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل ماسٹر لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مجلسِ دعا سے تعزیت کرتے ہوئے دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی

ٹریڈ یونین رہنماؤں کا سلطان خان سے اہلیہ کی وفات پر اظہارِ تعزیت

ندیم شاہ، خورشید زبیر، عبدالستار، شاہد علی گھٹی، سیف اللہ شاہنواز، علی باش، راسعید خٹک نے تعزیت کی

لاہور (نیڈ این این) جاپان کے سابق سفیر اور سرور فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت کے دوران ضمیر کا اطمینان بہت بڑا انعام ہے۔ انسانیت کی خدمت اور تعاون کے میدان میں پاکستانیوں کا کوئی ثانی نہیں۔ پاکستان کے عوام سال بھر مستحقین جبکہ زمینی و آسمانی آفات کی صورت میں معیشت زلزلوں کی مدد میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ نادار و بیمار انسان زکوٰۃ اور عطیات

پاور سیکٹر ملازمین کی مفت بجلی سہولت ختم کرنے کا فیصلہ

ہائیکورٹ احکامات کے بعد اپریل سے بلنگ کا نیا نظام نافذ، مفت سپلائی بند

لاہور (نیڈ این این) پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی نے پاور سیکٹر کے تمام افسران و ملازمین کیلئے مفت بجلی کی سہولت ختم کرنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے، جس کے بعد بلنگ سسٹم میں باقاعدہ ترمیم عمل کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمپنی نے بلنگ سسٹم میں تبدیلیاں کرتے ہوئے تمام متعلقہ کمپنیوں کے سربراہان کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں مفت بجلی کی فراہمی کے طریقہ کار میں بنیادی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ پاور انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کمپنی نے سافٹ ویئر اپڈیٹ مکمل کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ رواں ماہ کے بلنگ سائیکل میں مفت بجلی کی سہولت بند کر دی جائے گی۔ ٹوٹلیشن کے مطابق اپریل میں جن افسران و ملازمین نے مفت بجلی حاصل کی۔

معرکہ حق کی کامیابی دراصل عوام کے غیر متزلزل اعتماد اور جدوجہد کا ثمر ہے، ملک امیر کاہل

اسلام آباد (این این آئی) صدارتی مشیر برائے اوورسیز برطانیہ ملک امیر کاہل نے ''معرکہ حق'' کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں ملک امیر کاہل نے کہا کہ ایک سال قبل آج کے دن حق کی فتح اور باطل کی شکست کا سورج طلوع ہوا تھا۔ انھوں نے کہا چیف آف ڈیفنس فورسز و فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا۔

بندوڑہ میڈیکل کالج کے کام روکنے پر کینیوں کا احتجاج، شفٹنگ کی مخالفت

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں ضلع پونڑہ کے کئی دیہات کے رہائشیوں نے گورنمنٹ میڈیکل کالج بندوڑہ پر کام روکنے کے خلاف پُرامن احتجاج کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مظاہرین نے کہا کہ ڈویژنل کمشنر کشمیر کی سربراہی میں قائم کمیٹی کی رپورٹ کو منظر عام پر نہیں لایا گیا، جس سے شفافیت پر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں۔

پیشہ ورانہ مہارت اور قومی دفاع کے لیے ان کی بے مثال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان کے تاریخی کردار اور شاندار کارکردگی کو خصوصی طور پر سراہا ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی جناب علی قاسم گیلانی تھے، جبکہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی، رجسٹرار ڈاکٹر دیبا شہوار، چیئرپرسنز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران، میڈیا ٹرائنگز ان اور طالبات کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔ اس سلسلے (نقشہ نمبر 39)

معرکہ حق کی پہلی سالگرہ: ویمن یونیورسٹی ملتان میں حب الوطنی، قومی یکجہتی اور افواجِ پاکستان سے عقیدت کا فقید المثال مظاہرہ

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں معرکہ حق (آپریشن بنیان المرصوص) کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار، تاریخی اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز کے زیرِ اہتمام پی ایس سوسائٹی، ایگزیکٹو اسٹوڈنٹ کونسل اور ڈیبیٹنگ سوسائٹی ویمن یونیورسٹی ملتان کے اشتراک سے منعقد ہوئی۔ تقریب میں افواجِ پاکستان کی جرات و قربانیوں، ملتان سے تعلق رکھنے والے شہداء کی بے مثال خدمات کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا گیا، جبکہ پاک فضائیہ کے تاریخی کردار اور شاندار کارکردگی کو خصوصی طور پر سراہا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی جناب علی قاسم گیلانی تھے، جبکہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی، رجسٹرار ڈاکٹر دیبا شہوار، پرو رجسٹرز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران، میڈیا ٹرائنگز ان اور طالبات کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔

لاہور میں 223 ٹریفک حادثات، 265 افراد زخمی: 9 شدید زخمی اسپتال منتقل، 166 کو موقع پر طبی امداد فراہم کی گئی، ترجمان ریسکیو

لاہور (نیڈ این این) لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ٹریفک حادثات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جہاں مجموعی طور پر 223 حادثات کے نتیجے میں 265 افراد زخمی ہوئے حادثات میں ریسکیو سروس فراہم کی گئی۔ ریسکیو 1122 پنجاب کے ترجمان کے مطابق ان حادثات کے نتیجے میں 166 افراد زخمی ہوئے

ماہ نور طارق کی عبدالکریم سے ملاقات، پولیس سروس آف پاکستان میں تقرری پر خراجِ تحسین

لاہور (نیڈ این این) پنجاب پولیس کے شہداء اور حاضر سروس ملازمین کے ہونہار بچوں کی تعلیمی میدان میں شاندار کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں شہیدِ وطن ایس ڈی پی او طارق بھوی کی بیٹی ماہ نور طارق نے سی ایس ایس امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے پولیس سروسز آف پاکستان میں تقرری حاصل کر لی ہے۔ اس موقع پر ماہ نور طارق نے عبدالکریم سے ملاقات کی، جہاں آئی جی پنجاب نے ان کی کامیابی کو سراہتے ہوئے بھرپور حوصلہ افزائی کی اور اللہ تعالیٰ کو مبارکباد

ایس ای سی پی کا اپریل 2026 میں ریکارڈ 4,082 نئی کمپنیوں کا اندراج

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کارپوریٹ رجسٹریشن کے شعبے میں ایک تاریخی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اپریل 2026 کے مہینے میں ریکارڈ 4,082 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئی ہیں، یہ پاکستان کی کارپوریٹ تاریخ میں کسی بھی ایک ماہ کے دوران ہونے والی رجسٹریشن کی اب سے بلند ترین سطح ہے۔ اس سنگ میل کے عبور ہونے سے پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد اب 294,101 تک پہنچ گئی ہے۔ ایس ای سی پی نے اسی مدت کے دوران

حکومت فائس بل منظوری کیلئے پیش کرنے سے قبل اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرے، ارباب نیم حسن

ایک ایم ایف سے کیا معاملات طے پائے ہیں اس حوالے سے پیشگی اعتماد میں لایا جائے، وائس چیئرمین پیاف

لاہور (نیڈ این این) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرٹ (پیاف) کے وائس چیئرمین ارباب نیم حسن نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت بجٹ سازی کے عمل میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز کا بھیجنا کے جائزے لے اور انہیں بجٹ دستاویز کا حصہ بنایا جائے، موجودہ معاشی حالات میں ایسا بجٹ پیش کیا جانا چاہیے جو معیشت سے جڑے شعبوں کیلئے حرقی کا ٹول ثابت ہو اور اس کے ساتھ عوام کو بھی حقیقی ریلیف ملے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹیکس نظام کو آسان، چھوٹے تاجروں کے لیے مراعات اور مستعین کو سستی بجلی، گیس فراہمی کے لیے خصوصی پیکج دیا جائے۔ معیشت کی ترقی میں زراعت کا کلیدی کردار ہے اس لئے کسانوں کے لیے سہولتی اور زرعی قرضوں میں آسانی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے۔

امریکا ایران ممکنہ معاہدے کی خبر کے بعد عالمی سٹاک مارکیٹ میں بڑی تیزی

لندن (ان این آئی) امریکا ایران ممکنہ معاہدے کی خبر کے بعد عالمی سٹاک مارکیٹ میں بڑی تیزی دیکھنے میں آئی۔ لندن سٹاک ایکسچینج کا ایف ٹی سی ای 250 انڈیکس 0.15 فیصد تک بڑھ گیا، امریکی سٹاک مارکیٹ میں بھی تاریخی تیزی دیکھنے میں آئی، ایس اینڈ پی 500 انڈیکس پہلی بار 7300 کی حد عبور کر گیا۔

لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاروق فضل، ایم ایس ڈاکٹر فرحان حسین ودگیلی ماہرین کے ہمراہ اسٹاف فائر بروس کے علاج کا جائزہ لے رہے ہیں

جناح ہسپتال ادویات کیس، انتظامی بے ضابطگیوں کے نئے انکشافات

اسٹاک موجود ہونے کے باوجود مریض کو بازار سے ادویات منگوانے پر مجبور کیا گیا

لاہور (نیڈ این این) جناح ہسپتال لاہور میں مریض سے بازار سے ادویات منگوانے کے کیس میں مزید ہوشربا انکشافات سامنے آئے ہیں، جن میں انتظامی بے ضابطگیوں اور میڈیکیشن کی نشاندہی کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہسپتال میں ادویات کا اسٹاک موجود ہونے کے باوجود ڈرگ ڈیمنڈ سپلیٹ لیب (DTL) سے تجزیہ نہ ہونے کے باعث ان کا استعمال ممکن نہیں تھا۔

قصور کوچ اور مٹی ٹرک میں تصادم سے ایک شخص جاں بحق، 6 شدید جاں بحق شخص کی لاش اور زخمی امدادی ٹیموں کی مدد سے ہسپتال منتقل بعض کی حالت تشویشناک

قصور (این این آئی) قصور میں خوفناک ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق، متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ قصور کے علاقے کیلشپ اڈے اور دوبرجی کے نزدیک ملتان سے قصور آنے والی مسافر کوچ ٹرک سے ٹکرا گئی، حادثے کے نتیجے میں 6 افراد زخمی ہوئے جبکہ ایک شخص موقع پر دم توڑ گیا۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمیوں کو امدادی ٹیموں کی مدد سے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک ہے، حادثہ متعدد طور پر ڈرائیور کی غفلت اور تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ مقدمہ کی کارروائی کے بعد جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ورثا کے سپرد کر دیا ہے۔

نجی اسکولوں کی سمر کیمپس اجازت کی تجویز سامنے آ گئی

گرمیوں کی چھٹیوں میں محدود اوقات میں تعلیمی سرگرمیوں کی اجازت کا مطالبہ

نجی اسکولوں کی نمائندہ تنظیموں نے موقف اختیار کیا ہے کہ صبح کے اوقات میں موسم نسبتاً بہتر ہوتا ہے رہتے ہوئے تعلیم جاری رکھ سکیں۔ اسکول مالکان کے مطابق حالیہ غیر اعلانیہ چھٹیوں اور بار بار تعلیمی تعطل کے باعث طلبہ کو نمایاں تعلیمی نقصان پہنچا ہے، جس کے نتیجے میں ''لرننگ گیپ'' بڑھ رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرکیمپس اس خلا کو پُر کرنے کا مؤثر مثل ثابت ہو سکتے ہیں۔ نجی اسکولوں کی نمائندہ تنظیموں نے موقف اختیار کیا ہے کہ صبح کے اوقات میں موسم نسبتاً بہتر ہوتا ہے، اس لیے محدود دورانیے کی کلاسز سے نصاب کی تکمیل ممکن ہو گی

پشتمانی کو یا کوہی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کے معاہدے پر دستخط انکار

ون وے کی خلاف ورزی اور غلط موڑ مڑنے والی گاڑیوں کے خلاف موثر کارروائی نہیں ہو رہی

جرمانوں کے بجائے ٹریفک مینجمنٹ پر زیادہ فوکس ہونا چاہیے، جسٹس شاہد کریم کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ون وے کی خلاف ورزی اور غلط موڑ مڑنے والی گاڑیوں کے خلاف موثر کارروائی نہیں ہو رہی، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک کے سلسلے میں ٹریفک کیس کی سماعت کی۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید رحیم شیرازی کو عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ عدالت کی ہدایات پر دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے (نقشہ نمبر 4 5) ٹریفک آفیسر رحیم شیرازی عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ عدالت کی ہدایات پر دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک کے سلسلے میں ٹریفک کیس کی سماعت کی، جس میں چیف ٹریفک آفیسر سید رحیم شیرازی عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا۔

ایل ڈی اے ای بز سسٹم، شہریوں کیلئے مشکلات کا سبب بن گیا

نقشہ منظوری میں تاخیر، درخواستیں 18 روز تک زیرِ التوا رہنے لگیں، ذرائع کا دعویٰ

لاہور (نیڈ این این) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے نقشہ منظوری کے خودکار نظام ای بز'' کو درپیش تکنیکی اور انتظامی مسائل کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایل ڈی اے کے دن وہڈو سیل میں زیرِ التوا درخواستوں کا دورانیہ بڑھ کر 18 روز تک پہنچ گیا ہے، جس پر اعلیٰ حکام نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیرِ اہتمام مارکا فٹ کیپز 2026 کے افتتاحی روز جنیٹس پی ایل کی ٹیم کا ایک منظر

آزاد کشمیر ایلیجیبلٹی لسٹ کے نفاذ کا مجاز نہیں، ترجمان

مظفر آباد (این این آئی) ترجمان آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پر بعض حلقوں کی جانب سے یہ افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں کہ آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے جان بوجھ کر قادیانی ووٹرز کو عام انتخابی فہرستوں میں شامل کیا ہے۔ آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن ان تمام بے بنیاد، گمراہ کن اور حقائق کے منافی خبروں کی سختی سے تردید کرتا ہے۔

جموں و کشمیر کے ہسپتالوں کو ویٹی لیٹروں کی کمی سامنا، مریضوں کو مشکلات کا سامنا

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے ہسپتالوں میں وینٹی لیٹروں کی شدید قلت کے باعث مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق تمام بڑے ہسپتالوں کو وینٹی لیٹروں کی مطلوبہ تعداد میسر نہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے اس حوالے سے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کیے جا رہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
ایگزیکٹو ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	علی نبیل شیزاری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	بیرسٹر ایڈووکیٹ سید پرویز

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 پرنسپل روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایلیکس کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

''دودھ کی رکھوالی بلی کے سپرد'' آڈٹ افسر کو متعلقہ محکمہ میں تعینات کر کے آڈٹ کرانے کا انکشاف

متعلقہ افسر کے محکمہ کا دفاع کرنے پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون حیران رہ گئی، چیئرمین پی اے سی ون تحقیقات کرنے کی ہدایت

حیرت ہے آڈٹ کرنے والے افسر کو ڈپوٹیشن پر انفارمیشن پکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پنجاب میں تعینات کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) دودھ کی رکھوالی بلی کے سپرد، آڈٹ افسر کو متعلقہ محکمہ میں تعینات کر کے آڈٹ کرانے کا انکشاف سامنے آ گیا۔ متعلقہ افسر کے محکمہ کا دفاع کرنے پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون حیران رہ گئی۔ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کے افسر کی ڈیپوٹیشن پر انفارمیشن پکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پنجاب میں تعیناتی پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے